# شجرۃ الأشراف



ادارہ صوت ہادی
شیخوشریف

Marfat.com

رسالۃ

# تعلیمات سلسلہ قادریہ غوثیہ شیخو شریف

مع

# شجرۃ الأشراف

مختصراً

مؤلفۃ

سید سید علی ثانی جیلانی

ادارہ صوت ہادی شیخو شریف ضلع اوکاڑہ

۲۹۷۵۶۸۲
سن ۹۵ ت

## اِنتباہ

اگر کوئی صاحب اس شجرۃ الأشراف کے حوالہ جات یا کسی پیراگراف کو کسی بھی سطح پر تحریری اشاعتی طور پر استعمال کرنا چاہے تو اسکے لئے اِدارہ صوت ہادی سے تحریری اجازت لینا ضروری ہوگا۔ بصورت دیگر اِدارہ کاپی رائیٹ ایکٹ کے تحت اپنا قانونی حق محفوظ رکھتا ہے۔

۹۸۴۹۵

☆☆☆

نام کتاب ــــــ تعلیمات سلسلہ قادریہ غوثیہ شیخو شریف مع شجرۃ الأشراف
مؤلف ــــــ سید سید علی ثانی جیلانی
معاون تحقیق وتحریک ــــــ سید افضال حسین گیلانی
نظرِ ثانی ــــــ ڈاکٹر دوست محمد شاکر پنجاب یونیورسٹی لاہور
کمپوزنگ ــــــ سید عون الحسن غازی گیلانی
اہتمام ــــــ چوہدری محمد انور و محمد علی قادری
تاریخ اشاعت ــــــ یکم رمضان ۱۴۲۴ھ / ۲۷ اکتوبر ۲۰۰۳ء
تعداد ــــــ ۵۰۰
مطبع ــــــ ظفر بشیر پرنٹرز ساہیوال
قیمت ــــــ ۱۰۰ روپیہ

☆

اِدارہ صوت ہادی شیخو شریف ضلع اوکاڑہ

Marfat.com

# فہرست عنوانات



| صفحہ نمبر | عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 8 | پیش آہنگ از سید افضال حسین گیلانی | 1 |
| 17 | مقدمۃ الکتاب از مؤلف کتاب | 2 |
| 23 | وضو | 3 |
| 24 | طہارت | 4 |
| 24 | ارکان ایمان | 5 |
| 25 | ارکان اسلام | 6 |
| 26 | صفات مومن | 7 |
| 26 | راہ نجات | 8 |
| 27 | معرفت | 9 |
| 27 | انابت | 10 |
| 27 | ارادت | 11 |
| 28 | ذکر وفکر | 12 |
| 28 | صبر وشکر | 13 |
| 29 | فنا وبقا | 14 |



Marfat.com

| نمبرشمار | عنوانات | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| 15 | توبہ | 29 |
| 16 | ورع | 30 |
| 17 | رجا | 30 |
| 18 | احسان | 31 |
| 19 | محبت واخلاص | 31 |
| 20 | توکل وقناعت | 32 |
| 21 | صحووسکر | 33 |
| 22 | صوم وصمت | 33 |
| 23 | مجاہدہ ومشاہدہ | 34 |
| 24 | حسد وایثار | 34 |
| 25 | تہجد | 35 |
| 26 | مراقبہ | 35 |
| 27 | ذکردوام | 36 |
| 28 | فکرتام | 36 |
| 29 | نفی اثبات | 36 |
| 30 | اسم ذات | 36 |
| 31 | پاس انفاس | 37 |
| 32 | حلقہ ذکر | 37 |
| 33 | صلوٰۃ غوثیہ | 37 |
| 34 | استخارہ | 37 |
| 35 | درودتاج شریف | 38 |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 36 | درود غوثیہ | 43 |
| 37 | دعائے قطب | 44 |
| 38 | دعائے غوثیہ | 45 |
| 39 | مزید دعائیں | 46 |
| 40 | وظیفہ شیاً للہ | 48 |
| 41 | قصیدہ غوثیہ | 49 |
| 42 | بارہ امام | 59 |
| 43 | مزید دعائیں | 61 |
| 44 | دعائے سیفی | 62 |
| 45 | درود قادریہ | 63 |
| 46 | اسماء الحسنیٰ | 64 |
| 47 | اسماء نبی ﷺ | 67 |
| 48 | اسماء علی المرتضیٰؓ | 68 |
| 49 | اسماء غوث اعظمؒ | 70 |
| 50 | یازدہ اسماء غوث اعظم | 72 |
| 51 | فقر نامہ از امام حیدر بخش | 73 |
| 52 | سی حرف از سید حسن بخش المعروف حسنین سائیں" | 76 |
| 53 | مختصر سوانح حیات پیران سلسلہ قادریہ | 80 |
| 54 | ملفوظات پیران سلسلہ قادریہ | 107 |
| 55 | عکس شجرہ طلبیہ | 117 |



Marfat.com

## سببِ تألیف و انتساب

اُنکی آنکھیں یہ کہہ رہی ہیں عدمؔ
ہم پہ تصنیف اِک کتاب کرو

☆☆☆

# فرمانِ غوث اعظم

-التصوف مبنی علی ثمان خصال السخا لإبراھیمؑ والرضا لإسحقؑ والصبر لأیوبؑ والاشارة لزکریاؑ والغربة لیحییٰؑ ولبس الصوف لموسیٰؑ والسیاحة لعیسیٰؑ والفقر لمحمد ﷺ۔

تصوف آٹھ خصلتوں پر مبنی ہے۔ سخاوت ابراہیمؑ پر، رضا اسحقؑ پر، صبر ایوبؑ پر، مناجات زکریاؑ پر، غربت یحییٰؑ پر، خرقہ پوشی موسیٰؑ پر، تجرد عیسیٰؑ پر، اور فقر محمد ﷺ پر۔

☆☆☆

Marfat.com

# پیش آہنگ

الحمد لِلّٰہ ، شجرۃ الاشراف کا مکمل و مجمل مسودہ میرے پیشِ نظر ہے۔ بلاشبہ یہ میرے خوابوں کی تعبیر، میری دعاؤں کی قبولیت کی سند اور میرے قبلہ و کعبہ، مرشد و مربی والدِ گرامی کی مسعود خواہش کی تکمیل ہے۔ اس شجرہ کے اختصار کو دیکھتے ہوئے میں خود حیرت اور خوشی کی کیفیت میں کھو جاتا ہوں کہ ان چند صفحات کی تحریر و تحقیق اور تدقیق و تدوین گذشتہ تیس سال پر محیط ہے !۔ لیکن اسکی جامعیت اور اجمال کو دیکھ کر غلو اور تعلّی کے تمام تار و پور بکھر جاتے ہیں اور یقین پختہ ہو جاتا ہے کہ۔" ایں سعادت بہ زورِ بازو نیست' 'تا نہ بخشد خدائے بخشندہ"۔ اور خدائے بخشندہ نے یہ

سعادت میرے لخت جگر سید علی ثانی کو بخشی ہے۔جس نے میری تحقیقات کی جمع بندی کی اوران کو ضابطہ تحریر سے آراستہ کیا۔

۱۹۷۲ء میں جب میں نے حیاتِ سید محمد سائیں کا مسودہ مکمل کر کے برادر محترم سید مراتب غوثؒ کی خدمت میں پیش کیا تو انہوں نے بکمال مہر و محبت سے قبول فرماتے ہوئے مجھے آئندہ اسی شجرہ طیبہ کی تصحیح و تحقیق کا احساس دلایا اور حضور والد گرامیؒ کا فرمان یاد کروایا۔تب سے لیکر اب تک اسی کام پر مامور ہوں۔اور پریشان و پشیمان تھا کہ الٰہی! اس کار خیر میں تساہل کیوں واقع ہو رہا ہے۔اور آج یہ عقدہ کھلا کہ مشیتِ الٰہی یونہی تھی کہ اس کارِ عظیم (ہاں میرے لئے یہ کارِ عظیم ہی ہے) کی تکمیل میرے پسرِ نیک اختر کے ذمہ تھی جسکا آغاز میں نے عہد پسرک میں کیا تھا۔

ایک مؤلف یا مصنف کو تحقیق و تدقیق کے کیسے کیسے خارزاروں سے گذرنا پڑتا ہے۔یہ تو وہی جانتے ہیں جنکو ایسے امور سے واسطہ پڑتا ہے۔اس پر اپنی عقیدت اور بیعت کے واسطوں کی تحقیق تو اور بھی مشکل کام ہے۔میرے پیرؒ و مرشد حضرت قبلہ سید محمد حسین سائیں گیلانیؒ سے لیکر جناب سرور عالم و عالمیاں پناہِ امت و اتنیاں ﷺ تک ۴۴ واسطے ہیں۔جن میں کئی جگہ اشکال و تضاد تھا کہیں القاب و اسما میں ترادف تھا تو کہیں کہیں ترتیب و ادوار میں الجھاؤ بن گیا تھا۔ان چوالیس واسطوں کو اگر ادوار پر تقسیم کیا جائے تو چار دور بنتے ہیں۔پہلا دور سرکار دو عالم ﷺ سے لے کر جناب غوث اعظم سرکار بغدادؒ، دوسرا دور سرکار بغداد سے لے کر جناب بندگی سید محمد غوث حلبی اچویؒ تیسرا دور بندگی سرکار سے لے کر بانی شیخو شریف سید حسن بخش المعروف داتا حسنین سائیں گیلانیؒ تک اور چوتھا دور حسنین سائیں سے لیکر میرے پیرو مرشد سید محمد حسین سائیںؒ گیلانی تک ان ادوار میں سے یہ چوتھا میرے لئے کارِ

Marfat.com

فرہاد کی حیثیت رکھتا تھا۔ وہ اس لئے کہ برصغیر پاک و ہند میں تشریف لانے والے میرے پہلے پیرو مرشد بندگی محبوب سبحانی سرکار اور ان کے بڑے صاحبزادے سید عبدالقادر ثانی کے علاوہ آئندہ کسی بھی بزرگ کے حالات و تعارف برصغیر کے کسی بھی مستند و محقق تذکرہ میں نہیں ملتے۔ اللہ بہتر جانے کہ یہ تذکرہ نویسوں کا اعراض گریز ہے یا ان بزرگوں کے پسماندگان کی کوتاہی اور چشم پوشی خصوصاً بالا پیر سرکارؒ سید محمد غوث گیلانی ستگھروی کی اولاد امجاد اور خلفاء و تلامذہ کے بارے میں تو ہر تذکرہ نویس بالکل خاموش اور غریب ہے۔ لہذا یہاں پہنچ کر مجھے خاصی دقتوں کا سامنا رہا بہر حال اللہ پاک کا ہزار ہزار لاکھ لاکھ بلکہ کروڑ کروڑ شکر ادا کروں تو بھی کم ہے کہ اس خالق اکبر نے میری صحیح سمت میں راہنمائی فرمائی اور یہ مشکل آسان کی اور سلسلہ عالیہ قادریہ شیخو شریف کا ایک صحیح اور مستند ترین نسخہ اہل عقیدت و محبت کی خدمت میں پیش ہے۔ میں اپنی بے بضاعتی کے باوجود پُر امید ہو کر پورے اعتماد سے اس شجرہ کی تصدیق کرتا ہوں اور عقیدت مندوں کی روحانی تالیف کیلئے نذر کرتا ہوں۔

تحقیق و تدقیق اور روائیت و درائیت کا میدان تو نہایت وسیع ہے۔ تاہم اہل فکر و دانش کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ اگر اس میں کوئی سقم یا سقوط دیکھیں تو اصلاح کا حق ان کو حاصل ہے۔ اعتراض برائے اعتراض یا عناد کی بجائے اگر وہ اپنی تحقیقات کو معرض تحریر میں لے آئیں تو بہتوں کا بھلا ہوگا۔

اسکے ساتھ ہی میں خصوصاً اولاد حسنین سائیں اور عموماً اولاد بندگی محمد غوث اچویؒ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ ہم اپنی تحقیق پہلے میدان اشاعت میں لے آئے ہیں۔ اگر انکے پاس اس سے بہتر اور برتر تحقیق ہے (بلکہ یقیناً اور اغلباً ہے جس سے وہ نہ تو کوئی خود استفادہ کرتے ہیں اور نہ کسی دوسرے کو ہی اسکا موقع دیتے ہیں) تو وہ

Marfat.com

میدان اشاعت میں لے آئیں۔ زبانی کلامی اعتراضات کا کسی کو کوئی فائدہ نہیں پہنچے گا بلکہ تلخیاں بڑھیں گی۔ بہت سا قلمی مواد مذکورہ صدر بزرگوں کی اولاد کے پاس دیمک کی خوراک بن رہا ہے۔ جس کے ثبوت میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ پیر سید مشکور حسین گیلانی مدظلہٗ بن سید منظور حسین گیلانیؒ صدر نشین شینخو شریف اور جناب سید مظہر حسنین مدظلہٗ بن سید غلام حسنؒ (م ۲۵ شعبان ۱۳۹۹ھ) شینخو شریف نے اس احقر کو شرف پذیرائی بخشا ہے اور بہت سے مسائل میں اس عاجز راقم سطور کی راہنمائی فرمائی ہے تو پھر دوسرے زندہ سلامت صاحبزادگان کو کیسے تہی دامن سمجھوں جناب سید مشکور حسین سائیں نے تبرکاً مجھے ایک وثیقہ کی زیارت کروائی ہے جو سرکار عبدالرزاق پاکؒ المعروف زلفاں والی سرکار کی صدر نشینی کے بارے میں ایک اہم تاریخی اور قلمی تحریری حوالہ ہے۔ اور اس پر اکابر پیران شینخو شریف کے دستخط موجود ہیں۔ اس مخطوطہ پر رقم سن ہجری اور عیسوی سے مجھے سنون کے تعین میں خاصی مدد ملی ہے۔ اور میں آنجناب کا تہہ دل سے مشکور ہوں۔ اس مختصر سے کتابچہ میں ذوق تصوف کے متلاشی طلبہ کیلئے تمام بنیادی معلومات وضروریات موجود ہیں۔ یہ سلسلہ قادریہ کے ابتدائی اوراد و اذکار ہیں ان کو جانے بغیر کسب فیض ممکن نہیں۔ لہذا مولویانہ نکتہ چینی سے بالاتر ہو کر ان کا بغور مطالعہ طالبان کے لئے یقیناً فائدہ مند ہے۔ کامل پیر کی تلاش میں لوگ عمر عزیز کا بہترین حصہ گذار دیتے ہیں جبکہ کامل مرید بننے کیلئے اپنی ذات پر توجہ بالکل نہیں دیتے اور محرومِ منزل رہ جانے کی یہی وجہ ہے۔

☆☆☆

اپنے پیران سلسلہ کا تعارف ایک کامل مرید کیلئے بنیادی شرط ہے۔ اصل مقصود پاکیزہ نہاد بزرگوں کی تعلیمات ہوتی ہیں۔ یعنی ملفوظات' ارشادات' اوراد' وظائف

Marfat.com

اور رسوم عبادت۔ نسبی حالات پر تحقیق ایک ثانوی چیز ہے۔ حالات کی نسبت تعلیمات پر زیادہ توجہ دینی چاہئیے۔ اور یہی مشیت الٰہی ہے، یہی اسلوبِ قرآن ہے۔ قرآن کا صالحین خصوصاً انبیآء و مرسلین کے بارے میں یہی طرز بیان ہے۔ کہ دیکھو اللہ کے بندوں کی شخصیت، کردار اور تسلیم و اطاعت کیسی ہے -؟ قرآن انکے نسب و حالات پر بحث نہیں کرتا۔

اپنے پیران سلسلہ سے فیض حاصل کرنے کیلئے، ایک بہت ضروری بات یاد رکھنی چاہئیے۔ کہ ان اکابر مشائخِ سلسلہ کے بارے میں از خود پیدا ہونے والے یا کسی بھی بدعقیدہ شخص کی طرف سے دل میں ڈالے گئے ظن و گمان اور بے ہودہ خیالات سے اپنے دل و دماغ کو پاک و صاف رکھنا از حد ضروری ہے۔ پیرانِ سلسلہ قادریہ کے بارے میں اکثر لوگ مسالک کے مسائل کا شکار ہیں۔ مسلک و مذاہب ایک الگ بحث کے متقاضی ہیں۔ یہاں صرف یہ بتانا ضروری ہے کہ مشائخِ قادریہ اول تا آخر تمام مسالک و مذاہب کے فقہی علوم پر مکمل و یکساں دسترس رکھتے تھے۔ اس مکمل عبور کے باوجود وہ خود صرف اور صرف فقہ حنفیہ کے قائل تھے۔ فقہ کے تمام مذاہب کی رائے اور اختلافِ رائے کے علوم پر مکمل عبور کو ان کا تفاخرِ علمی تو قرار دیا جاسکتا ہے۔ مگر یہ نہیں ہوسکتا کہ انہیں کسی ایک ہی مذاہب کا مؤید و مبلغ کہا جائے۔ اس کے بعد یہ جاننا بھی از حد ضروری ہے کہ چہار مکاتبِ فکر و دانش یعنی حنفی، مالکی، شافعی، حنبلی کے علاوہ وہ کسی پانچویں فقہ کو درخور اعتنا ہی نہ سمجھتے تھے چہ جائے کہ ان مقدس اور پاکیزہ نفس ہستیوں پر شعیت، اثنا عشریت یا کہ باطنیت کا لیبل چسپاں کیا جائے۔ اب اگر ان نفوسِ قدسیہ کے بعد ان کے پیروکار اور ان کے مرید ہونے کا دعویٰ کرنے والے، کوئی الگ طرزِ عمل اختیار کرتے ہیں (اور یہ طرز عمل سراسر دین اسلام کے

خلاف بھی ہو) تو یہ انکی اپنی چوہدراہٹ اور حلوے مانڈے کا رولا ہے۔اس سے وہ عارفانِ حق بری الذمہ اور پاک ہیں۔

☆☆☆

ازبس ضروری ہے کہ قصیدۂ خمریہ کے بارے میں بھی کچھ عرض کروں۔اس الہامی کلام کی تمام اولیائے وقت نے اپنے اپنے عہد میں پرزور تائید فرمائی اور اکثر علماء و فضلاء امت نے اسی امر پر اتفاق کیا ہے۔ بلکہ سلسلۂ قادریہ کی تمام سلاسل پر فضیلت کو تسلیم کیا ہے اور یہ بھی اقرار کیا ہے کہ اس سلسلے کے مریدین دیگر سلاسل کے مریدین پر فوقیت رکھتے ہیں۔سلسلہ نقشبندیہ' چشتیہ' نظامیہ' سہروردیہ وغیرہ کے اکابر مشائخ نے اپنے اپنے مریدین میں جناب غوث اعظمؓ اور آپکے سلسلہ عالیہ کی فضیلت اور افضیلت کی تسلیم وتعمیل کی ہدایت کی ہے۔

قصیدہ غوثیہ کی حضور غوث پاکؓ سے نسبت کے بارے میں بعض کور ذوق و کور باطن لوگوں نے شک کا اظہار کیا ہے۔اور بعض نے بغض و جہالت کی بنا پر اس کی عربی پر اعتراضات کئے ہیں ان اعتراضات کے مسکت جوابات اعلیٰ حضرت فاضل بریلویؒ نے رسالہ ''الذمزمہ القمریہ'' میں دیئے ہیں۔ محققین یہ علمی رسالہ ملاخطہ فرمالیں۔ میں اس بارے صرف اتنا عرض کروں گا کہ قصیدہ شریف کے بے مثال اثرات اس پر شاہدِ عادل ہیں کہ یہ سرکار غوثیت مآب کا کلام ہے۔

قصیدہ غوثیہ کو جس طرح زمانۂ قدیم سے اولیاء اللہ پڑھتے اور پڑھواتے آئے ہیں' اسی طرح اس نورانی کلام کے رموز و غوامض کو سمجھنے سمجھانے کی خاطر جلیل القدر علماءِ کرام اور اولیاءِ عظام نے اس کے ترجمے اور شرحیں لکھنا بھی باعث ثواب وسعادت سمجھا ہے اور یہ لامتناہی سلسلہ آج تک جاری ہے۔مشتِ ازخردارے یہاں

Marfat.com

صرف ایک ترجمہ کا ذکر کرتا ہوں، جو مطبع عزیزی معروف بہ احمدی دہلی سے با اہتمام سید ظہیر الدین عرف سید احمد نبیسہ حضرت شاہ رفیع الدین محدث دہلویؒ متوفی ۱۲۳۳ھ طبع ہوا۔ اور اسکے ابتدئیہ میں سید احمد صاحب نے جو فوائد درج کئے ہیں بہ قارئین کے ملاخطہ کیلئے پیش کرتا ہوں۔

آپ فرماتے ہیں کہ قصیدۂ متبرکہ غوث پاکؒ فرزند صاحبِ لولاک ﷺ جو کہ آپ نے حالتِ جذبات میں زبان گوہر فشاں سے فرمایا ہے، بہت خاصیتیں رکھتا ہے۔

اول: یہ کہ جو اس کو ہر روز گیارہ مرتبہ پڑھے، اللہ کا محبوب و مقبول ہو۔

دوم: یہ کہ جو اس کا ورد کرے اس کا حافظہ ایسا ہو جائے کہ جو کچھ پڑھے یا سنے، یاد رہے۔

سوم: یہ کہ اس کے پڑھنے سے عربی کی استعداد زیادہ ہو۔

چہارم: یہ کہ جس مقصد کے لئے چالیس روز پڑھے، چلہ نہ گذرے کہ اس کا مقصد حاصل ہو جائے۔

پنجم: یہ کہ جو شخص اسکو اپنے پاس رکھے اور ہر روز تین مرتبہ پڑھے اور جو پڑھنا نہ جانتا ہو دوسرے سے پڑھوائے اور چپ ہو کر سنے اور اعتقاد سے ہر صبح اس کو دیکھے، انشاء اللہ تعالیٰ حضرت غوث الثقلینؒ کو خواب میں دیکھے اور امراء و بادشاہ کا مقبول ہو۔

ششم: یہ کہ جس نیت اور مقصد کے واسطے پڑھے مراد حاصل ہو۔ لیکن چاہیے یہ کہ اعتقاد درست ہو اور شروع سے پہلے کچھ شرینی پر فاتحہ حضرت غوث پاکؒ کی دے اور پڑھنے سے پہلے درود شریف غوثیہ پڑھے۔

Marfat.com

شجرۃ الاشراف کے بارے احقر اتنا اور عرض کرے گا کہ پیرانِ سلسلہ قادریہ کا یہ تذکرہ اگرچہ مختصر ہے تاہم مجمل و مستند ہے۔ اور ایسی معتمد بنیاد ہے جس پر کوئی مصنف یا مولف بھی اپنی نگارشات کا قصر تعمیر کرنا چاہے تو --- تا اوج ثریا انشاء اللہ کوئی کجی پیدا نہ ہوگی۔ لیکن شرط یہ ہے کہ ادارہ سے تحریری اجازت حاصل کرنا لازمی ہوگا۔

اس کتابچہ میں دو منظوم سی حرفیاں بھی شامل ہیں۔ جو داتا حسنین سائیں اور امام حیدر بخش سائیںؒ کی تصنیف ہیں۔ یہ نظمیں دونوں باپ بیٹے کی شاعرانہ صلاحیتوں کے علاوہ تصوف کے اعلیٰ مراتبِ تمکین کی نشاندہی بھی کرتی ہیں۔ اور پیرانِ شیخو شریف کی محبوب و مرغوب روحانی غذا ہیں' احقر نے تحقیق عمیق اور مسلسل غور و فکر سے ان نظموں کو حشو و زوائد سے پاک کرنے کی کوشش کی ہے۔ طالبان سلسلہ قادریہ کیلئے تاکید مزید یہ ہے کہ ان اوراد و وظائف کو حرز جان اور معمول بنانے کے ساتھ ساتھ انکے مطالب و مفاہیم پر غور و غوض کریں اور تدبر بھی لازمی اختیار کریں تاکہ تزکیہ و تصفیہ کے ساتھ ساتھ ظاہری فوائد بھی حاصل ہوں۔

اور ______ اب ادعیہ نیم شب کے ساتھ پیش آہنگ سطور پر مشتمل یہ مسودہ' واپس اپنے قرار جان و دل سید علی ثانی کو ' نظرِ ثانی کیلئے تفویض کرتا ہوں کیونکہ اس کام میں انکی کدو کاوش مجھ سے زیادہ ہے۔ اور بلاشبہ پنجاب یونیورسٹی کے طالب علم کی حیثیت سے جو مواقع اور وسائل ان کو حاصل ہیں مجھے نہیں۔

آخر میں اپنے مالک و خالق' اللہ غفور الرحیم کی بارگاہِ عزت پناہ میں سوال کرتا ہوں کہ اے زندہ' اے توانا' یا حی یا قیوم' تیری رحمت سے فریاد چاہتا ہوں کہ ایک پلک جھپکنے کی ساعت کیلئے بھی مجھے میرے نفس کے حوالے نہ کر اور میرا سب حال درست فرما...... ! اے علیم و خبیر میرے باطن کی ہر پوشیدگی تجھ پر عیاں ہے۔ پس میری پردہ

Marfat.com

پوشی فرما، مجھے بخش دے۔ تو میری ہر حاجت پوری کرنے والا ہے۔ اب میں اور کونسی دعا مانگوں ؎

سب کچھ تو میں نے مانگ لیا تجھ کو مانگ کر
اٹھتے نہیں ہیں ہاتھ مرے اس دعا کے بعد

فصلی الله تعالی علی خیر خلقه و حبیبه محمد ﷺ وآله الطاهرین و أصحابه الراشدین برحمتك یا ارحم الراحمین.

الراقم

افضال حسین گیلانی شیخوشریف

السبت ۴ صفر المظفر ۱۴۲۳ھ

ہفتہ 21 اپریل 2002ع

Marfat.com

# مقدمۃ الکتاب

الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی خیر البریۃ وعلی آلہ وأصحابہ الکاملین۔

آج تک تصوف کی جتنی بھی تعریفیں (Definitions) ہوئی ہیں اِن میں اگر اس کا بھی اضافہ کرلیا جائے تو کچھ بے جا نہ ہوگا کہ ''تصوف'' نبی کریم ﷺ کی نبوت سے پہلے کی زندگی ہے، کم وبیش چالیس سال کے طویل عرصہ پر پھیلی ہوئی جو تیئس سالہ عصر نبوت کی خدمت ہے۔ اس پر حضرت مجدد الف ثانیؒ کا یہ قول بھی دلیل ہے کہ ''تصوف شریعت کا ادنیٰ سا خادم ہے''۔

دراصل تصوف اور شریعت ایک ہی چراغ کی روشنی کے دو رُخ ہیں

Marfat.com

ایک سراسر کامل اخلاص اور مکمل جستجو کا نمونہ، دوسرا تبلیغ و دعوت ، ایک انسانیت کی اعلیٰ ترین مثال، دوسرا نبوت کا نور جمال ، ایک صدیق اکبرؓ و علی المرتضیٰؓ کی رفاقت، دوسرا فاروق اعظمؓ اور عثمان ذوالنورینؓ کی صحبت پہ مبنی، ایک دعوت اور غور و فکر دوسرا عمل و اشاعت !۔

یہ دونوں اپنی اپنی جگہ ایک (Dogma) کی حیثیت رکھتے ہیں۔ جن پر کامل ایمان انسان کو عام انسانیت سے ممتاز کر دیتا ہے اور انسان کو وہ مقام نصیب ہو جاتا ہے جو اس کا مقصود ہے۔ اس پر حضرت علیؓ کا یہ قول شاہد ہے (من عرف نفسه فقد عرف ربه)۔

انسانوں کو خطاب یا أیها الناس إن خلقنا کم من ذکر و أنثیٰ نے سب امتیازات مٹا کر اس پر إن أکرمکم عند الله أتقی کم کی مہر ثبت کر دی۔ مگر قانون کی ایک شق باقی رہی فاذکروانی أذکر کم ، اس حکم کے تحت ایک طبقہ انسانوں میں سے علیحدہ ہو جاتا ہے۔

مذکورہ بالا قانون انبیاء کیلئے نہیں ان کے لئے ان کے رب کی یہی مہربانی ہے کہ تلك الرسل فضلنا بعضهم علی بعض. اور اس سے بھی ایک اعلیٰ و ارفع قانون نبی ﷺ کی ذات گرامی کے لئے ہے و رفعنا لك ذکرك ۔ یہ الگ ہونے والا طبقہ وہ ہے جس نے فاذکروانی کی شرط کو پورا کیا اور أذکر کم کا (Award) انعام حاصل کیا۔

اس رسالہ میں ایک باب ان نفوس قدسیہ کے ذکر پر مشتمل ہے جن کے عقیدہ کی (Orthodoxy) نے انکو اس مقام پر فائز کیا۔ اگرچہ یہ چند صفحات انکے شایان شان نہیں ایسے دس دفتر بھی اس کے متحمل نہ ہو سکیں گے، اور پھر میرے جیسا کم علم ان

Marfat.com

کے احوال و مناقب کیا بیان کرے گا بقول شاعر

ہزار بار بشوئم دہن زمشک وگلاب ہنوز نام تو گفتن کمال بے ادبی است

مگر یہ وابستگان سلسلہ قادریہ شیخو شریف کے لئے باعث تسکین ضرور ہوگا۔

☆☆☆

بزرگوں کی تعلیمات دو طرح پر مشتمل ہوتی ہیں۔ایک ان کے اوراد و وظائف اور اشغال و اذکار، دوسرے ان کے ملفوظات اور پندونصائح، ان کے ملفوظات میں اک تبلیغ کا پہلو ہوتا ہے جن پر عمل کر کے انسان اپنی ظاہرداری درست کرتا ہے اوران کے اوراد و وظائف انسان کی باطنی طہارت اور قرب الٰہی کا باعث ہوتے ہیں۔

اس سلسلہ طریقت کی تبلیغ و اشاعت کو ہر دور میں اہمیت حاصل رہی اور سلف صالحین اس کو اپنی سعادت سمجھتے رہے۔

کیونکہ یہ اس شیخ سے منسوب ہے جس کا یہ فرمان ہے۔

أفلت شموس الأولين وشمسنا
أبدا على أفق العلىٰ لا تغربُ

مریدین سلسلہ قادریہ تو تھے ہی مگر دوسرے سلاسل کے مشائخ نے بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ان میں ایک نام سرفہرست آتا ہے۔حضرت خواجہ محمد حسینی بندہ نواز گیسوئے دراز قدس اللہ سرہ آپ کا سلسلہ نسب بائیس واسطوں سے امام حسینؓ تک پہنچتا ہے۔آپ ۴ رجب المرجب ۷۲۱ ہجری جمعرات کو دہلی میں پیدا ہوئے۔ایک سو

Marfat.com

چار سال کی عمر شریف میں ۱۶ ذیقعدہ ۸۲۵ ہجری کو وصال فرمایا ۔ آپ حضرت نصیر الدین محمودؒ چراغ دہلوی کے وصال کے بعد سلسلہ عالیہ چشتیہ کے خلیفہ نامزد ہوئے۔ آپ کی گراں مایہ تصانیف محتاج تعارف نہیں اگر یہ کہا جائے کہ برصغیر میں شریعت اسلامیہ اور طریقت محمدی ﷺ کا صحیح اور حقیقی شعور دینے کی جو سعادت آپ کے حصہ آئی کسی کو نصیب نہیں تو کچھ بے جا نہ ہوگا۔ حضور جناب غوث الثقلینؒ کے الہامی رسالہ ''رسالہ غوث اعظم'' کی شرح ''جواہر العشاق'' موصوف کی گراں قدر تصنیف اور طریقت قادریہ کی عظیم ترین خدمت ہے جس کی نظیر نہیں ملتی۔

اور آخر میں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ چند باتوں کی وضاحت پیش کروں:

اول : کہ یہ رسالہ سلسلہ عالیہ قادریہ شیخویہ کے ابتدائی مریدین کے لئے اور اس سے نسبت رکھنے والوں کے لئے ترتیب دیا گیا ہے جس کا مقصد مریدین کو اپنے مشائخ کے حالات سے آگاہی دلانا ہے تاکہ وہ ان کے مبارک اسماء اور چیدہ چیدہ تعلیمات سے روشناس ہوسکیں۔ بزرگوں سے روایت ہے کہ شجرہ طریقت کو روزانہ پڑھنا نہ صرف اجر و ثواب کا موجب ہے بلکہ سلسلہ سے اتصال کا بین ثبوت ہے۔

دوم : شاید کئی لوگوں کو اس بات پر اعتراض ہو کہ کئی بزرگوں کے نام اس میں چھوڑ دیئے گئے ہیں۔ تو عرض ہے کہ یہ پیران سلسلہ قادریہ کے ان مشائخ کا ذکر ہے جن کے واسطے سے احقر العباد مؤلف کی بیعت نبی ﷺ تک منتہی ہوتی ہے۔ کئی جگہ ان کے بعض خلفاء کا ضمناً ذکر کیا گیا ہے۔

سوم : بزرگوں کے سنون ولادت و وفات میں ہر ممکن احتیاط برتی گئی ہے جن کی تواریخ میں اختلاف تھا ان کے وہ سنون درج کئے گئے ہیں جو روائیت اور درائیت دونوں کے لحاظ سے زیادہ معتبر ہیں۔

چہارم : حضرت معروف کرخیؒ سے اوپر شجرہ دوطرح سے ہے۔ایک اِمام علیؒ رضا کے توسل سے اور دوسرا حضرت داؤودؒ طائی سے ، کچھ لوگ اس پر بضد ہیں کہ حضرت داؤودؒ طائی کا واسطہ حذف کردیا جائے اور شجرہ صرف ائمہ اہل بیت کے توسل سے ہو۔ جو نہ صرف ان کا تشیع پن ہے بلکہ انکی کج روئی کی واضح دلیل ہے اور امام علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی سنت من علمنی حرفاً صرت لہ عبداً کے بھی خلاف ہے۔حالانکہ معروفؒ کرخی کی بیعت اِمام رضاؒ اور داؤدؒ طائی دونوں سے ثابت ہے۔

جبکہ کچھ صاحبان سرے سے ائمہ اہل بیت کے واسطوں کے ہی خلاف ہیں وہ اس بات کو رفض خیال کرتے ہیں کہ ائمہ اہل بیت کا ذکر کیا جائے۔اس ناپاک عقیدہ سے ان کی اہل بیت سے مخاصمت اور عداوت جھلکتی ہے جو اکابرین کے عقیدہ کے بھی خلاف ہے۔ اِمام محمد شافعیؒ کا شعر ملاحظہ ہو۔

إن كان رفضا حبّ آل محمد
فليشهد الثقلان انی رافض

اور جناب حسینؒ سائیں جو شینخو شریف کے تمام سادات کرام کے جد اعلیٰ ہیں، کی سی حرفی میں بھی اس مسئلہ کی وضاحت موجود ہے۔ (ملاحظہ ہو صفحہ ۷۶ )

یہ سارا فیضان میرے والد گرامی کا ہے جنھوں نے میرے شعور میں حضور غوث اعظمؓ کی محبت بٹھادی اور میں مشکور و ممنون ہوں اپنے اساتذہ کرام خصوصاً ڈاکٹر سید قمر علی زیدی اور ڈاکٹر دوست محمد شاکر سیالوی (پنجاب یونیورسٹی لاہور) اور جناب مفتی ولائیت اقبال (شیخ الحدیث جامعہ حنفیہ) کا جنھوں نے ہر جگہ میری راہنمائی فرمائی

Marfat.com

اور کمال شفقت و محبت کا مظاہرہ کیا۔ اور اپنے دوست احباب مولینا زہرے خان قادری اور اعجاز احمد قادری کا بھی احسان مند ہوں کہ انہوں نے میری ہر ممکن مدد کی۔

علماء اور اہل ادب حضرات کے سامنے مجھے اپنی کم علمی کا اعتراف ہے۔ اگر اس رسالہ میں کوئی سقم ہو تو امید ہے کہ میری فلاح و بہبود کے لئے مجھے مطلع فرما کر احسان کریں گے۔

اللھم صل علی ھذا النبی الکریم الذی ارسلتہ رحمة للعالمین راحم الفقرآء و معینا للضعفآء والمساکین۔

درگاہ غوثیت مآب کا ادنیٰ خاکروب

سیّد علی ثانی جیلانی

۲۷ رجب المرجب ۱۴۲۴ الھج

''شہ گوشہ'' ساہیوال

44495

Marfat.com

# وضو

وضو کی اہمیت قرآن کریم اور احادیث نبوی ﷺ میں ظاہر ہے فقہ اسلامی کی کئی بڑی کتب طہارت اور وضو کی بیان سے شروع ہوتی ہیں۔ سلسلہ قادریہ میں وضو کی تلقین اولین تعلیمات میں شمار کی جاتی ہے۔

ایک دن میں مرشدی سید مراتب علیؒ کی خدمت میں حاضر تھا، ایک شخص نے عرض کیا کہ حضرت مجھے کوئی وظیفہ بتائیں آپ نے فرمایا ''کہ بھائی سلسلہ قادریہ میں سب سے پہلا اور سب سے بڑا وظیفہ یہی ہے کہ ہر وقت باوضو رہا جائے تاکہ بندہ رحمت باری تعالیٰ کی برکات سے ہر وقت فیض یاب ہوتا رہے''۔

بعد میں کئی بزرگوں کے اقوال اور معمولات سے مجھے اسکی تصدیق بھی ہوئی۔

فائدہ: پس ہر قاری کیلئے ضروری ہے کہ اس کتاب کا مطالعہ باوضو ہو کر کرے اور اسکے انوار و برکات سے بہرہ ور ہو۔

جزاکم اللہ خیر

Marfat.com

## طہارت

طہارت کے لفظی معنی پاکیزگی کے ہیں۔ طہارت دو قسم کی ہے ایک طہارت ظاہری اور دوسری طہارت باطنی ۔ طہارت ظاہری کیلئے شرعاً پانی کا ہونا لازمی ہے۔ جبکہ طہارت باطنی کیلئے توبہ، تلقین اور تصفیہ قلب ضروری ہے۔ طہارت کا حکم ہمیں متعدد آیات الٰہی، احادیث نبویہ اور اقوال عارفان حق سے ملتا ہے۔ جیسا کہ اولین وحی الٰہی میں یہ حکم صادر ہوا وثیابك فطهر "اے محبوب اپنے کپڑوں کو صاف ستھرا رکھیئے" (المدثر:۴)۔ مشائخ عظام کا قول ہے کہ یہ حکم در پردہ مومنین کو دیا جا رہا ہے۔ اسی طرح دوسری جگہ ارشاد ہوا ان الله يحب المطهرين "بے شک اللہ تعالیٰ صاف ستھرا رہنے والوں کو پسند فرماتا ہے"۔ (توبہ:۱۰۸)۔ افعال رذیلہ مثلاً تکبر، جھوٹ، چغلی، غرور، حسد، کینہ، غیبت وغیرہ سے طہارت باطنی ٹوٹ جاتی ہے۔ جو دوبارہ توبہ سے ہی ممکن ہوتی ہے۔

## ارکان ایمان

ارکان ایمان پانچ ہیں۔ ایمان توحید، رسالت، ملائکہ، کتب سماوی، یوم آخرت اور تقدیر پر ایمان۔ رسالت اسمیں ایسا جز ہے جو ایمان کلی ہے چونکہ توحید، ملائکہ، کتب تقدیر، آخرت سب اسی کی معرفت کے سبب ہیں۔ اس ایک کا انکار تمام کا انکار شمار ہوگا چونکہ ارشاد ہوا ومن الناس من يقول امنا بالله وباليوم الاخر وما هم بمؤمنين "لوگوں میں سے جو یہ کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے اللہ اور یوم آخرت پر وہ ایمان والے نہیں" (البقرہ:۸)۔ چونکہ وہ توحید کے بعد رسالت کا اقرار نہیں کر رہے۔ ارکان ایمان کا تعلق ظاہری اور باطنی دونوں طرح سے ہے۔ اقرار

بالسان وتصدیق بالقلب زبان سے اقراراوردل سے اسکی تصدیق لازم ہے۔صرف زبان کا اقرارقابل قبول نہ ہے۔ارشاد ہواقالت الاعراب امنا قل لم تؤمنوا ولکن قولوا اسلمنا ولما یدخل الایمان فی قلوبکم ''اعرابی لوگ کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے اے محبوب ﷺ آپ فرمایئے کہ تم لوگ ایمان نہیں لائے بلکہ یوں کہو کہ ہم صرف اسلام لائے چونکہ ایمان ابھی تمہارے دلوں میں داخل نہیں ہوا'' (الحجرات:۱۴)۔

## ارکان اسلام

ایمان دل میں داخل ہوجانے کے بعد اسلام کے ارکان بجا لانا اسکا ثبوت ہے۔وہ نماز،روزہ،زکوۃ،حج اورلا الہ الا اللہ کہنا[۱] بعض کے نزدیک جہاداور بعض کے نزدیک غسل جنابت ہے[۲]۔انکی بجا آوری اس بات کا ثبوت ہے کہ بندہ نے ان تمام امور کو تسلیم کرلیا اب مسلمان ہے۔جس شے کے اقرار نے انسان کو دائرہ اسلام میں داخل کیا ہے اسی چیز کا جزوی یا کلی انکار بندہ کو خارج از اسلام کرسکتا ہے۔

☆☆☆

---

[۱] مسلم کتاب

[۲] مسند امام اعظم کتاب الایمان

Marfat.com

# صفات مؤمن

ہر مومن کیلئے تمام حالات میں تین چیزوں پر کاربند رہنا ضروری ہے۔

(۱) احکامات خداوندی کی تعمیل کرے

(۲) تمام ناپسندیدہ امور سے اجتناب کرے

(۳) اور جو کچھ بارگاہ رب العزت سے مقدر ہے اس پر راضی رہے۔

ایک مؤمن کی ادنی کیفیت یہ ہے کہ وہ کسی حال میں بھی مذکورہ تینوں امور کو اپنے ہاتھ سے جانے نہ دے، اپنے قلب کو پوری طرح اس طرف متوجہ رکھے، اپنے نفس سے انہیں باتوں کے متعلق گفتگو کرے، اور تمام حالات میں اپنے اعضاء و جوارح کو انہی امور کی بجاآوری میں مشغول رکھے۔ [1]

# راہ نجات

سنت نبوی کی پیروی کرو، خدا اور اسکے رسول ﷺ کی اطاعت کرو۔ انکے فرمودات سے باہر قدم نہ رکھو اللہ تعالی کو ایک جانو۔

ثابت قدم رہو، رحمت خداوندی کے امیدوار رہو۔ ناامید مت بنو، باہمی محبت وخلوص روا رکھو۔ [2]

---

[1] فتوح الغیب۔ [2] ایضاً

Marfat.com

## معرفت

معرفت کا مطلب ہے پہچاننا۔ اسکی دو قسمیں ہیں معرفت نفسی اور معرفت الٰہی۔ معرفت نفسی ہے کہ من عرف نفسہ فقد عرف ربہ یعنی انسان کو اپنا آپ پہچان لینے سے معرفت الٰہی نصیب ہوتی ہے، جیسا کہ ارشاد الٰہی ہے سنریھم آیاتنا فی الآفاق وفی انفسھم حتی یتبین لھم انہ الحق ''ہم انکو اپنی نشانیاں دکھائیں گے اطراف عالم میں اور انکے نفوس میں تاکہ انکے لئے حق واضح ہو جائے''۔ (حم السجدہ:۵۳)

## انابت

انابت کا مطلب ہے اپنے مقامات اور تعلقات دنیا کو چھوڑ کر خدا کی طرف رجوع کرنا۔ خدائے حی قیوم نے فرمایا من خشی الرحمن بالغیب وجاء بقلب منیب ن ادخلوھا بسلم ذلک یوم الخلود ''جو ڈرا رحمان سے بن دیکھے اور لایا رجوع والا دل (اسے حکم دیا جائے گا کہ) داخل ہو اس (جنت) میں یہ ہمیشہ رہنے والا دن ہے''۔ (ق:۳۴)

## ارادت

ارادت، راہ طریقت کی ابتدا ہے اور یہ اللہ کی طرف جانے کا ارادہ کرنے والوں کی پہلی منزل کا نام ہے۔ اس صفت کو ارادت اسلیئے کہا گیا ہے کہ ارادہ ہر بات کا پیش خیمہ ہوتا ہے۔ اسی بابت ارشاد ہوتا ہے۔ ولا تطرد الذین یدعون ربھم بالغداۃ والعشی یریدون وجھہ ''جو لوگ اللہ کی خوشنودی کی خاطر دن

رات اسے پکارتے ہیں آپ انہیں اپنے پاس سے نہ ہٹایئے“۔(انعام:۵۲)۔

## ذکر وفکر

ذکر بولنے کی طاقت ہے اور فکر سوچنے کی طاقت ہے۔ایک زبان و کلام سے متعلق ہے اور دوسری دل و دماغ کے متعلق ہے۔دونوں طاقتوں کو یکجا کر کے ذات خداوندی کی طرف مرکوز کر لینے کی کیفیت کا نام ذکر وفکر ہے کہ زبان اسکے نام کا ورد کرے اور دل و دماغ اسکی تلاش میں گم رہیں۔ارشاد ہے کہ فاذکروانی اذکرکم ”تم میرا ذکر کرو تو میں تمہیں یاد رکھوں گا“۔(البقرہ:۱۵۲)۔

## صبر وشکر

صبر اس کیفیت کا نام ہے کہ بندہ اللہ تعالیٰ کے ہر نرم اور سخت فیصلہ کو مان لے مجبوراً نہیں بلکہ دل سے مطمئن ہو کر اور شکر اسکی دی ہوئی نعمتوں کا احسان مند ہونا ہے۔شکر اور صبر کے درجات انکی کیفیات بڑھنے سے بڑھتے ہیں اور کمی کے باعث کم ہو جاتے ہیں جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے لئن شکرتم لازیدنکم ”اگر تم شکر کرو گے تو نعمتوں میں اضافہ کر دیا جائے گا“ (ابراہیم:۷)۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے واصبروا وصابروا ورابطوا واتقوالله لعلكم تفلحون ”صبر کرو اور مضبوطی سے ڈٹے رہو اور کفار کے سامنے لگے رہو، اللہ سے ڈرو تا کہ تم مراد کو پہنچو(آل عمران:۲۰۰) پھر دوسری جگہ ارشاد ہوا انما يوفى الصابرون اجرهم بغير حساب بے شک صابروں کو انکا اجر بغیر حساب کے دیا جائے گا۔ (زمر:۲۲)

ایک دن حضرت شفیق بلخیؒ اور امام جعفرؓ الصادق کی ملاقات ہوئی۔احوال

Marfat.com

دریافت کرنے پر حضرت شفیقؒ نے کہا اگر مل جائے تو شکر کرتے ہیں اور نہ ملے تو صبر کرتے ہیں اس پر سیدنا امام جعفر نے فرمایا ایسا ہی شیوہ مدینہ میں کتوں کا ہے۔ حضرت شفیقؒ نے حیران ہوکر سوال کیا اے ابن رسول اللہ! تو پھر آپؒ کا طریقہ کیا ہے؟۔ فرمایا کہ اگر مل جائے تو دوسروں کو اپنے آپ پر ترجیح دیتے ہیں، اگر نہ ملے تو پھر اسکا شکر کرتے ہیں۔ شفیقؒ سبحان اللہ کہہ کر سجدہ میں گر پڑے۔

## فنا و بقا

فنا اپنے آپ کو ذات الٰہی میں گم کرنے کا نام ہے طالب کو چاہیے کہ دنیا کی ہر شے میں اللہ کی نشانیوں کا کھوج لگائے حتیٰ کہ ہر شے بلکہ اپنا وجود بھی نظر نہ آئے یہ مقام فنا ہے۔ اور بقا لقائے الٰہی کا نام ہے جس بقا سے پہلے فنا نہ ہو وہ بقا نہیں ہو سکتی بقا سالک کیلیے وہ مقام ہے جہاں پہنچ کر اسکو ہر شے میں اللہ ہی نظر آتا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے کل من علیھا فان ویبقی وجه ربك ذوالجلال والإکرام ''ہر چیز فنا ہونے والی ہے اور تیرے رب کا وجہ باقی رہیگا جلالت والا اور لطف کرم والا''۔ (الرحمٰن:۲۷)

## توبہ

توبہ کا مطلب ہے کہ بندہ اپنے مولا سے بخشش اور اسکی مہربانی مانگتا رہے۔ اپنی بندگی پر فخر نہ کرے۔ عبادات میں جو سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق رکھتی ہے وہ توبہ ہی ہے۔ توبہ سے بندہ اپنا مقام پہچانتا ہے اور یہی بندہ کی شان ہے۔ یا ایھا الذین امنوا توبوا الی الله توبة نصوحا '' اے ایمان والو اللہ کی طرف توبہ کرو صاف دل کی توبہ'' (التحریم:۸) اور جیسے اللہ ج کا فرمان ہے توبوا الی الله

Marfat.com

جمیعا اے ایمان والوتم سب اللہ کی طرف رجوع کرو (نور:۳۱) امام قشیریؒ نے حضرت انسؓ بن مالکؓ کی سند سے حدیث نقل کی کہ فرمایا رسول ﷺ نے ما من شئی أحب الی الله من شاب تائب اللہ تعالیٰ کو نوجوان توبہ کرنے والے سے زیادہ کوئی چیز محبوب نہیں۔ احادیث میں الندم توبة یعنی ندامت توبہ ہے کے الفاظ بھی ملتے ہیں۔ سالکین کیلئے توبہ سب سے پہلی منزل ہے اور طالبین کا پہلا مقام ہے۔ ارباب اہل سنت فرماتے ہیں کہ توبہ کے صحیح ہونے کی تین شرطیں ہیں۔

(۱) جن امور میں شریعت کی مخالفت کی ہے، ان پر اظہار ندامت۔

(۲) اپنی لغزش و غلطی کو فوراً ترک کر دینا۔

(۳) یہ ارادہ کرنا کہ جو گناہ اسنے کیے ہیں انکو دوبارہ نہ کرے گا۔

## ورع

ہر مشتبہ چیز کو چھوڑ دینا ورع ہے۔ اور ہر ما لا یعنیك جن سے تیرا کوئی واسطہ نہ ہو حضرت امام حسن المجتبیٰؑ ریحان رسول ﷺ سے روایت ہے کہ میں نے رسول ﷺ سے ایک بات یاد کر لی دع ما یریبك الی ما لا یریبك جو بات تجھے شک میں ڈالے اسے چھوڑ کر اس بات کی طرف مائل ہو جو تجھے شک میں نہ ڈالے۔ (ترمذی کتاب الصفۃ القیامہ والرقائق والورع و نسائی کتاب الأشربہ)

## رجا

رجا امید اور ہیبت کی ملی جلی کیفیت کا نام ہے۔ ہیبت حق تعالیٰ کے جاہ و جلال کی اور امید اسکے الطاف و کرم کی، ہیبت اسکے انصاف کی اور امید اسکی بخشش کی، سالک کو چاہیے کہ اپنی عبادت کو حور قصور کی چاہت سے پاک رکھے صرف اور صرف اللہ تعالیٰ

Marfat.com

کی خوشنودی کا طالب رہے۔

## احسان

ان الله یحب المحسنین بے شک اللہ تعالی محسنین سے محبت کرتا ہے (بقرہ:۱۹۵)۔ان الله لایضیع اجرا المحسنین بے شک اللہ محسنین کے اجر کو ضائع نہیں کرتا (توبہ:۹۰)۔حدیث مبارکہ ہے کہ الاحسان ان تعمل لله کأنك تراه فان لم تكن تراه فانه يرالك احسان یہ ہے کہ بندہ عمل کرے تو گویا اللہ کو دیکھ رہا ہے اگر ایسا ممکن نہ ہو تو اسکی حالت ایمان ایسی ہو کہ اللہ تعالی اسکو دیکھ رہا ہے۔(مسند امام اعظمؒ کتاب الایمان)

## محبت و اخلاص

محبت سے مراد محبت الہی ہے۔حضور غوثؓ اعظم کا فرمان ہے کہ ''بندہ اکثر شکایت کرتا کہ محبت عارضی ثابت ہوتی ہے۔عارضی شے کی محبت عارضی ہی ہو گی۔اے خدا کے انعام یافتہ! کیا تجھے پتہ نہیں کہ اسنے تجھے اپنے لئے پیدا کیا جبکہ تو غیر کیطرف جا رہا ہے''۔اخلاص اس عمل میں پختہ ہو جانے کا نام ہے۔اور اس عمل کو اللہ تعالی کیساتھ خالص کر لینے کا وما امروا الا لیعبدالله مخلصین له الدین حنفاء (البينة:۵) ''اور انکو یہی حکم دیا گیا کہ اللہ کی بندگی کریں مخلص ہو کر'' اسی طرح فرمان الہی ہے کہ فسوف یاتی الله بقوم یحبهم ویحبونه ''عنقریب اللہ تعالی ایسی قوم کو لے آئیں گے کہ اللہ انسے محبت کرے گا اور وہ اللہ سے محبت کریں گے''۔(مائدہ:۵۴) حضرت شبلیؒ کا قول ہے کہ ''محبت کو محبت اسلیئے کہتے ہیں کہ یہ محبوب کے سوا دل سے ہر چیز کو محو کر دیتی ہے''۔اور کامیابی کی دلیل ہے۔جیسا

کہ حدیث میں ذکر ہوا المرء مع من احب (بخاری کتاب الأدب) ''انسان اس کے ساتھ ہوتا ہے جس سے وہ محبت کرے''۔ تو اسطرح محبت کرنے والے اللہ کیساتھ ہوئے۔

ایکدفعہ حضرت شبلیؒ پاگل خانہ میں بند کردیئے گئے۔ کچھ لوگ ملنے آئے تو پوچھا تم کون ہو؟ کہنے لگے ہم تمہارے محبّ ہیں، شبلیؒ نے ان پر پتھر پھینکے تو بھاگ اٹھے حضرت شبلیؒ نے آواز دے کر کہا محبت کا دعویٰ کرتے ہو تو تکلیف پر بھی صبر کرو۔

## توکل وقناعت

توکل نام ہے باری تعالیٰ پر ہر طرح سے بھروسہ کرنیکا۔ اور بھروسہ صرف عقیدہ کے طور پر نہ ہو، توکل کا مقام دل ہے۔ دل اس کیفیت پر مطمئن ہو پھر ارشاد باری تعالیٰ ہے ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ جو اللہ پر بھروسہ رکھتا ہے اللہ اس کیلئے کافی ہے (طلاق:۳)۔ دوسری جگہ ارشاد ہے قل لن یصیبنا الا ما کتب اللہ لنا ھو مولنا وعلی اللہ فلیتوکل المؤمنون کہہ دیجئے کہ ہم کو کوئی چیز ہرگز نہیں پہنچ سکتی سوائے کہ جو ہمارے لئے اللہ تعالیٰ نے لکھا ہے وہ ہمارا مولا ہے اور مومنوں کو چاہیے کہ اسی پر توکل کریں (توبہ:۵۱)

حضور ﷺ نے فرمایا کہ مجھے میری امت کی کثرت دکھا کر پوچھا گیا کہ اس پر راضی ہیں میں نے کہا راضی ہوں پھر فرمایا گیا کہ انکے ساتھ ستر ہزار ایسے ہونگے جو بغیر حساب کے جنت میں جائیں گے، جو نہ تو اپنے جسموں کو علاج کیلئے داغتے ہیں نہ شگون لیتے ہیں نہ ہی جھاڑ پھونک کرتے ہیں۔

حضور غوث پاکؒ جب چھاؤں میں تشریف فرما ہوتے اور دھوپ آجاتی تو اٹھ

Marfat.com

کر چھاؤں میں نہ جاتے۔

قناعت اس کیفیت کا نام ہے کہ جن چیزوں سے انسان کو الفت ہے انکے نہ ہوتے ہوئے بھی اطمینان رکھنا۔ محمد بن علی ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ جو رزق انسان کے مقدر میں لکھا جا چکا ہے اسپر راضی رہنا قناعت ہے۔ فرمایا گیا ہے القناعة کنز لا یفنی قناعت ایسا خزانہ ہے جو نہ ختم ہونے والا ہے۔

## صحو و سکر

تصوف کے مروجہ الفاظ میں سے صحو اور سکر بھی ہیں۔ احساس سے غیبت کی طرف لوٹ جانے کا نام سکر ہے۔ اور غیبت سے احساس کی طرف لوٹ آنے کا نام صحو ہے۔ صحو کو سکر کے ساتھ مناسبت ہوتی ہے۔ جسکا سکر حق کے ساتھ ہے اسکا صحو بھی حق ہے اور جسکا سکر نفسانی لذت کے سبب ہے اسکا صحو بھی حق نہیں۔ بندہ سکر کی حالت میں حال کا مشاہدہ کرتا ہے۔ اور صحو کی حالت میں علم کا مشاہدہ کرتا ہے۔

## صوم و صمت

جاننا چاہیے کہ مرید کیلئے صوم وصمت از حد ضروری ہیں۔ صوم کے معنی رک جانے کے ہیں۔ شرعاً روزہ کو کہتے ہیں تصوف میں ایسے روزہ کو جس میں آنکھ، کان، زبان، ہاتھ اور پاؤں ہر برائی سے رکے رہیں۔ صمت کے معنی خاموشی کے ہیں۔ یعنی صوفی خاموش رہے سوائے اپنے شیخ سے کچھ دریافت کرنے کے، اسطرح زیادہ تر برائیوں جھوٹ و غیبت سے محفوظ رہتا ہے۔

حضرت داؤد طائی نے جب صمت کو اختیار کرنا چاہا تو حضرت امام ابوحنیفہ کیخدمت میں ایک سال حاضر ہوتے رہے اور کچھ بات چیت نہ کرتے۔ جب یہ

Marfat.com

عادت پختہ ہوگئی تو اپنے گھر میں خلوت گزیں ہو گئے۔

## مجاہدہ و مشاہدہ

اہل طریقت کا فرمان ہے کہ جس شخص نے اپنے ظاہر کو مجاہدہ سے مزین کرلیا اللہ تعالی اسکے باطن کو مشاہدہ سے مزین کر دیں گے۔ ارشاد باری تعالی ہے کہ والذین جاھدوا فینا لنھدینھم سبلنا جنہوں نے ہمارے راستے میں کوشش کی ہم ضرور انکو اپنا راستہ دیکھائیں گے (عنکبوت:۶۹)۔ جو شخص ابتدا میں مجاہدہ نہیں کرتا اسکو مشاہدہ حاصل نہیں ہوتا۔ اس سلسلہ میں اور بھی بہت سارے اقوال ملتے ہیں۔ ''مجاہدہ'' کے بعد ''محاضرہ'' دل کی حضوری اور ''مکاشفہ'' کشف اسرار اور آخر میں ''مشاہدہ'' یعنی حق تعالی کے سامنے حاضر ہونا جیسی نعمت حاصل ہوتی ہے۔

## حسد وایثار

مرید کیلئے ایک آفت یہ بھی ہے کہ اسکے اندر اپنے بھائیوں کے متعلق ایک مخفی سا حسد پیدا ہو جاتا ہے۔ وہ سوچتا ہے کہ برادران طریقت میں سے فلاں پر اللہ کی مہربانی ہے اور وہ اس سے محروم ہے۔ ارشاد ہوا ام یحسدون الناس علی ما اتھم اللہ من فضلہ ''یا حسد کرتے ہیں لوگوں کا اسپر جو اللہ نے دیا انکو اپنے فضل سے'' (نساء:۵۴)۔ حدیث پاک ہے ان الحسد یاکل الحسنات (ابوداود کتاب الادب) حسد نیکیوں کو کھا جاتا ہے۔ یاد رکھو یہ اللہ تعالی کی تقسیم ہے اسی پر قانع رہو۔ یاد رہے کہ مرید کو ایثار کرنا چاہیے اوروں کیلئے خواہ وہ بھوکے ہوں یا سیر، ہر کام میں اپنے سے مقدم جاننا چاہیے۔

(اس باب میں اور بہت سی باتیں ضروری ہیں جو آئندہ کسی موضوع کے تحت بیان کی جائیں گی)

Marfat.com

# اوراد و وظائف

## تہجد

تہجد صوفی کیلئے فرض کی حیثیت رکھتی ہے اسکو چاہیے کہ کبھی اس سے غافل نہ ہو۔ چونکہ یہ رسول ﷺ کا مقام شفاعت ہے۔ ارشاد ہے فتهجد به نافلة لك عسى ان يبعثك ربك مقاما محمودا تہجد آپ کیلئے زائد (نوافل) ہیں یقیناً آپکا رب آپکو مقام محمود پر لا کھڑا کریگا (اسریٰ :۷۹) مقام محمود مقام شفاعت ہے۔ تہجد کا وقت صبح صادق سے پہلے ہے اسکی رکعات چار سے لے کر بارہ تک ہیں۔ مرید اپنے شیخ سے اسکے رموز واوقاف سیکھے۔

## مراقبہ

مراقبہ یہ ہے کہ بندہ کو علم ہو کہ اللہ اسکو دیکھ رہا ہے۔ اور بندہ کا اس حالت کو ہمیشہ قائم رکھنا مراقبہ ہے۔ مراقبہ سے پہلے محاسبہ ضروری ہے محاسبہ یہ ہے کہ بندہ اپنے نفس پر اختیار حاصل کرے۔ مراقبہ کی بابت اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے وكان الله على كل شئی رقيبا ہر چیز اللہ کی نگاہ میں ہے (احزاب:۵۲)۔ پھر حدیث شریف میں آتا ہے کہ فان لم تكن تراه فانه يراك یعنی اگر تو اللہ کو نہیں دیکھ رہا تو پھر اللہ تجھے دیکھ رہا ہے (بخاری و مسلم کتاب الایمان)۔ ایک قول یہ ہے کہ رقبہ گردن کو کہتے ہیں اور اس کیفیت میں چونکہ گردن جھکی رہتی ہے اسلئے اسکو مراقبہ کہتے ہیں۔ حضرت جنیدؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص مراقبہ میں ثابت قدم رہا اسے صرف اپنے اللہ کے

Marfat.com

ہاں حظ کے فوت ہو جانے کا ڈر ہوگا کسی اور کے ہاں نہیں۔ مراقبہ کی کئی اقسام ہیں۔ سلسلہ قادریہ میں ابتدائی مرید کیلیے دو مراقبے نہایت ضروری ہیں ''مراقبہ نفی'' اور مراقبہ نفی النفی''۔ (مرید اپنے شیخ سے بلاواسطہ مراقبہ سیکھے)

## ذکر دوام

ذکر دوام کے معنی ہیں ہر وقت اللہ کی یاد میں مصروف رہنا سوتے جاگتے چلتے پھرتے زبان پر صرف اسی کا ذکر ہو۔ اس سے انسان خدا کے سوا ہر تعلق سے آزاد ہو جاتا ہے۔

## فکر تام

فکر تام کے معنی ہیں اللہ کی یاد میں سرگرداں رہنا۔ ہر وقت اسی کے متعلق سوچنا غلط اور غلیظ خیالات سے بچنا۔ یہ کیفیت صفحہ دل سے دنیا ما فیھا کے خیالات کو حرف غلط کی طرح مٹا دیگی۔

## نفی اثبات

یہ کلمہ طیبہ کا ذکر ہے۔ یہ ذکر خفی و جلی دونوں طریقوں سے کیا جاتا ہے۔ جو اپنے شیخ سے سیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔ مبتدی مرید کیلئے نہایت ضروری ہے۔

## اسم ذات

اس ذکر کو ''دورہ قادریہ'' بھی کہتے ہیں۔ یہ ذکر خفی ہے اسکو اخفا سے کرنا ہی بہتر ہے۔ اس ذکر سے انسانی لطائف روشن ہو جاتے ہیں۔

Marfat.com

## پاس انفاس

یہ ذکر نفی اثبات سے متعلق ہے اور یہ بھی خفی ہے۔ اہل طریقت کا فرمان ہے کہ اسکا بڑا فائدہ یہ ہے کہ نفسی خطرات دور ہو جاتے ہیں اور ذاکر شیطان کی معیت سے نکل کر اللہ تعالیٰ کی معیت میں آ جاتا ہے۔

## حلقہ ذکر

یہ چند درویشوں کا جو ایک ہی سلسلہ کے مرید ہوں انکا نفی اثبات کا ذکر کرنا ہے۔ ایک آدمی با آواز بلند اسکا ورد شروع کرے اور باقی اسکی اقتداء کریں۔ ذکر کرنے والوں کی ایک ہی آواز ہو آگے پیچھے نہ دوڑیں۔ اس سے انوار الٰہی منعکس ہوتے ہیں اور وافر حظ حاصل ہوتا ہے۔ یہ بعد از نماز فجر اور نماز عشاء کرنا موزوں ہے۔

## صلوۃ غوثیہ

حضور جناب غوث الثقلینؓ کا فرمان ہے کہ جو شخص کسی حاجت میں اللہ تعالیٰ کی طرف میرا توسل کرے اسکی حاجت بحکم الٰہی پوری ہوگی۔ انشاء اللہ! بعض اہل طریقت اسکو صلوٰۃ الاسرار بھی کہتے ہیں۔ اسکو صلوۃ حاجات بھی کہا جاتا ہے۔ اسکا وقت بھی نماز مغرب یا عشاء کے بعد ہے۔ (طریقہ اپنے شیخ سے سیکھے)

### استخارہ

بعض امور میں استخارہ بھی کیا جاتا ہے۔ اور وہ امور خاص للّٰہی ہوتے ہیں۔

Marfat.com

# درود تاج شریف

درود تاج شریف طریقت شاذلیہ (جو درحقیقت طریقت قادریہ کی ایک شاخ ہے) [۱] کے بانی سید ابوالحسن علی بن عبداللہ بن عبدالجبار الحسنی الادریسی الشاذلی جو ۵۹۱ ہجری میں افریقہ کے ایک گاؤں غمازہ میں پیدا ہوئے اور شاذلہ میں پرورش پائی علوم شرعیہ میں مہارت حاصل کرنے کے بعد تصوف کی طرف متوجہ ہوئے اور اعلیٰ مقام پایا۔ اور آخرکار ذوالقعدۃ ۶۵۶ ہجری میں اس دارفانی کو خیرآباد کہا [۲]، یہ انکی تصنیف لطیف ہے۔ ایک مرتبہ انہوں نے یہ درود پاک حضور ﷺ کی زیارت کے وقت پیش کیا اور عرض کی یارسول اللہ ﷺ اسکو شرف قبولیت سے نوازیئے۔ آپکی یہ دعا قبول ہوئی [۳] گذشتہ نو صدیوں سے جو شہرت اس درود پاک کو حاصل ہوئی ہے شاید ہی کسی کو نصیب ہوئی ہو۔ مشائخ سلسلہ قادریہ کی محبوب روحانی غذا ہے۔

---

[۱] ''فضائل درود وسلام''، مولینا نذیر نقشبندی ص ۱۶۵۔

[۲] اعلام، خیرالدین زرکلی۔

[۳] ''فضائل درود وسلام''، نذیر نقشبندی ص ۲۲۳ بحوالہ قاری سلیمان پھلواری قادری متوفی ۱۹۳۵ء

Marfat.com

☆☆☆

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ
صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ دَافِعِ
الْبَلَآءِ وَالْوَبَآءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْقَرَضِ وَالْأَلَمِ
اسْمُهٗ مَكْتُوبٌ مَّرْفُوعٌ مَّشْفُوعٌ مَّنْقُوشٌ فِي
اللَّوحِ وَالْقَلَمِ سَيِّدِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ جِسْمُهٗ
مُقَدَّسٌ مُّعَطَّرٌ مُّطَهَّرٌ مُّنَوَّرٌ فِي الْبَيْتِ وَالْحَرَمِ
صَاحِبِ الْعِزِّ وَالْحَشَمْ شَمْسِ الضُّحٰى

بَدْرِالدُّجیٰ صَدْرِالْعُلیٰ نُورِ الْهُدَیٰ کَهْفِ
الْوَرَیٰ مِصْبَاحِ الظُّلَمْ جَمِیْلِ الشِّیَمِ شَفِیْعِ
الأمَمِ صَاحِبِ الجُودِ والكَرَمِ وَاللّٰهُ عَاصِمُهٗ
وجِبْرِیلُ خَادِمُهٗ وَالبُرَاقُ مَرْکَبُهٗ والْمِعْرَاجُ سَفَرُهٗ
و فَوقَ سِدْرَةِ المُنْتَهیٰ مُقَامُهٗ وَ قَابَ قَوْسَیْن
مَطْلُوبُهٗ و المَطْلُوبُ مَقْصُودُهٗ والمَقْصُودُ
موْجُودُهٗ سَیِّدِ المُرْسَلِیْنَ خَاتِمِ النَبِیّینَ امامِ
الاولینَ والآخرینَ شَفِیْعِ المُذْنِبیْنَ أنِیْسِ
الغَرِیْبِیْنَ رَحْمَةِ اللِّعَالَمِیْنَ رَاحَةِ العَاشِقِینَ مُرَادِ
المُشْتَاقِیْنَ شَمْسِ العَارِفیْنَ سِرَاجِ السَالِکیْنَ
مِصْبَاحِ المُقَرَّبیْنَ مُحِبِّ الفُقَرَآءِ والغُرَبَاءِ
وَالیَتٰمیٰ وَالمَسَاکِینِ سَیِّدِ الثَقَلَینِ نَبِیّ
الحَرَمَیْنِ إمَامِ القِبْلَتَینِ وَسِیْلَتِنَا فِی الدَّارَیْنِ
صَاحِبِ قَابَ قوسَینِ مَحْبُوبِ رَبِّ المَشْرِقَینِ و

Marfat.com

رَبِّ الْمَغْرِبِيْنِ جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ مَوْلٰنَا وَ
مَوْلَى الثَّقَلَيْنِ أَبِي الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ
نُوْرٍ مِنْ نُوْرِ اللّٰهِ يَا أَيُّهَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِهٖ
صَلُّوْا عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْماً

☆

یا اللہ ہمارے آقا اور مولی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر رحمت نازل فرما جو تاج ومعراج وبراق اور جھنڈے کے مالک ہیں جنکے وسیلہ جلیلہ سے بلا، وباء، قحط اور مرض وقرض اور دکھ دور ہوتا ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام لکھا ہوا، بلند کیا گیا، قبول شفاعت کیا گیا، اور لوح وقلم میں کندہ ہے۔آپ عرب وعجم کے سردار ہیں۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا جسم مقدس، خوشبودار، پاکیزہ، اور خانہ کعبہ اور حرم پاک میں منور ہے۔آپ عزت وحشمت والے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم دن کے سورج ،اندھیری رات کے ماہتاب، بلندیوں کے صدر نشین، ہدایت کے نور، تمام مخلوقات کیلئے جائے پناہ، اندھیروں کے چراغ ،نیک اطوار کے مالک، امتوں کو بخشوانے والے، سخاوت اور کرم والے ہیں ۔اللہ تعالی آپکا نگہبان ، جبریل آپکے خدمت گذار، براق آپکی سواری، معراج آپکا سفر، سدرۃ المنتہی سے بلند تر آپکا مقام، اور قاب قوسین کا مرتبہ آپکا مطلوب ہے، اور

Marfat.com

مطلوب ہی آپکا مقصود ہے، اور مقصود آپکو حاصل ہے ۔آپ ﷺ رسولوں کے سردار، انبیاء پر مہر، اگلوں اور پچھلوں کے امام، گنہگاروں کے بخشوانے والے، مسافروں کے غمخوار، دونوں جہانوں کیلئے رحمت ، عاشقوں کی راحت، مشتاقوں کی مراد، خدا شناسوں کے آفتاب، راہ خدا پر چلنے والوں کے چراغ، مقربوں کے راہنما، محتاجوں، غریبوں، یتیموں اور مسکینوں سے محبت رکھنے والے، جنوں انس کے سردار، حرمین کے نبی، دونوں قبلوں کے پیشوا، اور دنیا و آخرت میں ہمارا وسیلہ ہیں۔ وہ مرتبہ قاب قوسین پر فائز ہیں، دو مشرقوں اور دو مغربوں کے رب کے محبوب، امام حسنؑ اور امام حسینؑ کے جد پاک، ہمارے اور تمام جن و انس کے آقا و مولی ہیں۔یعنی ابی القاسم محمد ﷺ بن عبداللہ جو اللہ کے نور میں سے ایک نور ہیں۔اے نور جمال محمدی کے مشتاقو ! آپ ﷺ اور آپکی آل پر اور آپکے اصحاب پر درود و سلام بھیجو جس طرح بھیجنے کا حق ہے۔

☆☆☆

Marfat.com

# درودِ غوثیہ

یہ درودِ پاک حضور غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منسوب ہے اور محبان سلسلہ قادریہ کیلئے راحت قلب وجاں ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ مَعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ مَنْبَعِ الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ وَالْحِکْمِ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ وَصَلِّ عَلَیْہِ [1]

☆☆☆

یاالٰہی رحمت ہو محمد ﷺ پراور آلِ محمد ﷺ پر جوکان ہیں سخاوت اور کرم کی، مرکز ومحور ہیں علم وبردباری اور حکمت اور برکت اور درود و سلام بھیج ان پر۔

---

[1] جذب القلوب از امام المحققین شیخ عبدالحق الدہلوی بخاری قادریؒ بن سیف الدین بن سعد اللہ۔(آپ پہلے شخص ہیں جنہوں نے ہندوستان میں علم حدیث کی ترویج کی آپ نے (۹۵۸ھ/1551ع) کودہلی میں ولادت پائی اوراور حصول تعلیم کیلئے حجاز مقدس تک کے سفر کیئے وہیں سے آپ کو حضرت عبد الوہاب متقی

## دعائے قطب

یہ وہ دعا ہے جو حضور غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ ماجدہ سیدہ ام الخیر فاطمہ رحمۃ اللہ علیہا نے اسوقت آپ کو تعلیم فرمائی تھی جب آپ جیلان سے بغداد کیطرف حصول تعلیم کی خاطر تشریف لائے اسکا فیض آپکی پوری حیات پر محیط ہے۔ اوردس صدیوں سے مشائخ قادریہ کے اوراد و وظائف میں شامل ہے۔اسکو ہفت کاف بھی کہتے ہیں۔

☆

اَللّٰہُ الْکَافِیْ وَ قَصَدْتُّ الْکَافِیْ وَ وَجَدْتُّ الْکَافِیْ وَ کَفَانِیَ الْکَافِیْ وَلِکُلِّ کَافٍ کَافِیْ وَنِعْمَ الْکَافِیْ وَلِلّٰہِ الْحَمْد ۔

☆☆

اللہ ہی کافی ہے .اور میں نے اس کافی کا ارادہ کیا.اوراس کافی کو ہی پایا اور وہی کافی میرے لئے کافی ہے .اور ہر کفایت کرنے والے کیلئے کافی ہے.اور وہ بہترین کافی ہے.اور سب تعریفیں اللہ ہی کیلئے ہیں.

---

(حاشیہ پچھلا صفحہ) سے ''فتوح الغیب'' کا اک نسخہ ملا جسکا ترجمہ آپ نے فارسی میں کیا۔آپ سلسلہ قادریہ کے مجتھد بزرگ تھے۔آپنے سید موسیٰ پاک شہید گیلانی (م ۱۰۰۱ھ/ 1594ع) کے ہاتھ پر بیعت کی۔آپ کی تصنیفات کی تعداد ایک صد (۱۰۰) سے بھی زیادہ ہے۔آپ نے (۲۳ ربیع الاول ۱۰۵۲ھ/ 1645ع) کو دہلی میں ہی وفات پائی)۔رحمۃ اللہ علیہ

# دعائے غوثیہ

اَللّٰهُم مَامَنَنْتَ بِهٖ عَلَيَّ فَأَتْمِمْهُ وَمَااَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَيَّ فَلَا تَسْلُبْهُ وماسَتَرْتَهُ فَلَا تَهْتِكْهُ وَمَا عَلِمْتَهُ فَاغْفِرْهُ ۔

اے اللہ! جو تو نے مجھ پہ احسان کیا اس کو پورا فرما اور جو تو نے مجھ پہ انعام کیا اسے واپس نہ لے ، تو اس کی پردہ پوشی فرما رُسوا نہ کر اور جو تو جانتا ہے (گناہوں کو) انھیں معاف فرما۔

☆

Marfat.com

# آپ سے مزید دعائیں جو کہ موجب خیر و برکت ہیں

اَللّٰهُمَّ قَرِّبْنَا إِلَيكَ وَلَا تُبَاعِدْنَا عَنْكَ

اے اللہ تو ہمیں اپنے قریب کر اور اپنے سے دور نہ فرما۔

☆

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا لِقَائِكَ فِيْ الدُنْيَا وَالآخِرَة ، لَذِّذْنَا بالْقُرْب مِنْكَ وَالرُّؤيَة لَكَ

اے اللہ ہمیں دنیا و آخرت میں اپنی ملاقات عطا فرما، اور ہمیں اپنے قرب اور زیارت کی لذت عطا فرما۔

☆

اَللّٰهُمَّ اشْغَلْ جَوَارِحْنَا بطَاعَتِكَ، وقُلوْبنا بمَعْرفَتِكَ

اے اللہ ہمارے اعضاء کو اپنی اطاعت میں مشغول کر اور ہمارے دلوں کو اپنی معرفت میں مصروف رکھنا۔

☆

اَللّٰهُمَّ انْصُرْنَا بطَاعَتِكَ وَلَا تُخْذِلْنا بمَعْصيَتِكَ

اے اللہ تو اپنی اطاعت کیلیے ہماری مدد فرما اور اپنی نافرمانی کے سبب ذلیل نہ کر۔

☆

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مُؤمِنِينَ وَلَا تَجْعَلْنَا مُنَافِقِيْنَ

اے اللہ ہمیں مومن بنا اور ہمیں منافق نہ بنا۔

Marfat.com

☆

اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيننَا وَ بَينَ نُفُوْسِنَا

اے اللہ ہمارے اور ہمارے نفوس (امارۃ) میں دوری فرمادے ۔ (تاکہ نفس کے شر سے محفوظ رہیں) [۱]

اَللّٰهُمَّ نَعُوذُ بِكَ مِنَ الشَّرِ فِی سَآئرالأحْوال

اے اللہ ہم تمام حالات میں، شر سے تیری پناہ مانگتے ہیں ۔

☆☆☆

اَللّٰهُم اهْدِ قُلُوبنا إليكَ

اے اللہ تو ہمارے دلوں کو اپنی طرف ہدایت دے۔

☆

اَللّٰهُمَّ اجْعَلنَا مِنَ الصَّادِقِينَ

اے اللہ تو ہمیں سچوں میں سے بنادے

(الفتح الربانی)

---

[۱] نفوس کی صوفیاء کے نزدیک تین اقسام ہیں نفس امارہ برائی کا مشورہ دینے والا، ان النفس لامارة بالسوء (یوسف:۵۳)، نفس لوامہ نیکی کا مشورہ دینے والا، اقسم بالنفس اللوامه (القیامۃ:۱) جب نفس لوامہ، نفس امارہ پر حاوی ہوجائے اور اسکو زیر کرلے تو نتیجہ میں نفس مطمئنہ حاصل ہوتا ہے جسکی بابت ارشاد ہے۔یا ایتها النفس المطمئنة ارجعی الی ربك راضية مرضية (فجر:۲۸) "اے نفس مطمئنہ اپنے رب کی طرف رجوع کر وہ تجھ سے راضی تو اس سے راضی"۔

Marfat.com

# وظیفہ

حضور جناب شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے فرمایا جو میرے نام کے وسیلے سے خدائے تعالیٰ عزوجل سے دعا کرے اللہ تعالیٰ اسکی ہر جائز خواہش کو پورا کرتا ہے۔

یا حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانی
شیئاًلِلّٰہِ ، اُمْدُدْنِیْ بِاِذْنِ اللّٰہِ

(بہجۃ الاسرار)

☆☆☆

Marfat.com

# قصیدہ غوثیہ

اسکو قصیدہ خمریہ بھی کہتے ہیں۔ یہ حضور غوث اعظمؒ کا کلام مبارک ہے اس پُر نور کلام کی برکت اور لذت سے صرف وہی لوگ آشنا ہیں جنھوں نے محبت کے ساتھ اسکو ورد جاں بنایا ہوا ہے۔ اس جلیل القدر کلام کے فوائد بیان سے باہر ہیں۔ اسکو مشائخ سلسلہ قادریہ کے وظائف میں اہم مقام حاصل ہے۔ اسکو سمجھنے کیلئے بے شمار شروح لکھی گئی ہیں۔ اعلیٰ حضرت امام اہلسنت مجدد دین وملت احمد رضا خانؒ بریلوی قادری نے اسکی شرح "اَلزَّمْزَمَةُ القَمَرِيَّة فِی الذَّبِّ عَنِ الخَمَرِيَّةِ"[۱] لکھی۔ اس شہرہ آفاق شرح میں مخالفین کے اعتراضات کے بھی شافی جوابات دیے گئے۔ موصوف کے کلام میں جناب غوث مآب کے عشق ومحبت کا رنگ دیکھا جا سکتا ہے۔ آپ سلسلہ قادریہ کے عظیم مشائخ میں سے تھے۔ آپ ۱۲۷۲ھ ہجری میں پیدا ہوئے، اور اپنی ساری زندگی شریعت اسلامیہ اور طریقت قادریہ کی تبلیغ واشاعت میں گزاردی۔ آپ نے ۱۳۴۰ہجری میں رحلت فرمائی، آپکی دینی خدمات کو ملت اسلامیہ کبھی فراموش نہیں کرسکتی۔

---

۱ یعنی چاند سے نغمہ کی حمایت کے بیان میں جسکو قصیدہ خمریہ کہا جاتا ہے۔

Marfat.com

(۱)

سَقَانِیْ الحُبُّ کَاسَاتِ الوِصَالِ
فَقُلْتُ لِخَمْرَتِیْ نَحْوِیْ تَعَالِیْ

محبت نے مجھے وصال کے پیالے پلائے تب میں نے اپنی شراب (مقصود) سے کہا کہ میری طرف آ۔

(۲)

سَعَتْ وَمَشَتْ لِنَحْوِیْ فِیْ کُؤُسٍ
فَہِمْتُ بِسُکْرَتِیْ بَیْنَ الْمَوَالِیْ

پیالوں میں بھری ہوئی وہ شراب (مقصود) میری طرف دوڑتی ہوئی آئی پس میں اپنے احباب میں نشہ (نام الٰہی) سے مست ہو گیا۔

(۳)

فَقُلْتُ لِسَآئِرِ الأَقْطَابِ لُمُّوْا
بِحَالِیْ وَادْخُلُوْا أَنْتُمْ رِجَالِیْ

میں نے تمام اقطاب سے کہا کہ آپ بھی عزم کریں اور میرے حال میں داخل ہو جائیں کیونکہ آپ میرے دوست ہیں۔

(۴)

وَھُمُّوْا وَاشْرَبُوْا أَنْتُمْ جُنُودِیْ
فَسَاقِیْ القَوْمُ بَالْوَافِیْ مَلَالِیْ

Marfat.com

ہمت کر کے جام معرفت پیو کہ تم میرے لشکری ہو ساقی قوم نے میرے لئے

لبالب جام معرفت بھرے ہیں

(۵)

شَرِبْتُمْ فُضْلَتِی مِنْ بَعْدِ سُکْرِیْ

وَلَا نِلْتُمْ عُلُوِّیْ وَاتِّصَالِیْ

میرے مست ہونے کے بعد تم نے میری بچی ہوئی شراب پی لی لیکن

میرے بلند مرتبے اور قرب کو نہ پا سکے۔

(۶)

مَقَامُکُمُ الْعُلیٰ جَمْعاً وَّلٰکِنْ

مَقَامِیْ فَوْقَکُمْ مَا زَالَ عَالِیْ

اگرچہ آپ سب کا مقام بلند ہے لیکن میرا مقام آپ سب سے بلند تر ہے اور

ہمیشہ بلند رہے گا۔

(۷)

أَنَا فِیْ حَضْرَةِ التَّقْرِیْبِ وَحْدِیْ

یُصَرِّفُنِیْ وَحَسْبِیْ ذُو الْجَلَالِیْ

قرب الٰہی میں تو صرف میں ہی میں ہوں اللہ تعالیٰ مجھے ایک درجے سے

دوسرے درجے پر ترقی دیتا ہے اور وہ بزرگی والا ہی میرے لئے کافی ہے۔

Marfat.com

(۸)

أَنَا البَازِیُّ أَشْهَبُ کُلِّ شَیْخٍ
وَمَنْ ذَا فِی الرِّجَالِ أُعْطِی مِثَالِیْ

میں مشائخ پر اسطرح غالب ہوں جسطرح سفید باز تمام پرندوں پر غالب ہے۔

(۹)

کَسَانِیْ خِلْعَةً بِطِرَازِ عَزْمٍ
وَتَوَّجَنِی بِتِیْجَانِ الکَمَالِ

اللہ تعالیٰ نے مجھے وہ خلعت پہنائی جس پر پختہ ارادے کے بیل بوٹے تھے اور کمالات کا تاج میرے سر پر رکھا۔

(۱۰)

وَاَطْلَعَنِی عَلیٰ سِرٍّ قَدِیْمٍ
وَقَلَّدَنِی وَاَعْطَانِی سُؤَالِی

اور اللہ تعالیٰ نے اپنا راز قدیم مجھ پر ظاہر کیا اور مجھے عزت کا ہار پہنایا اور جو کچھ بھی میں نے مانگا مجھے عطا کیا۔

(۱۱)

وَوَلَّانِی عَلیٰ الأَقْطَابِ جَمْعاً
فَحُکْمِی نَافِذٌ فِی کُلِّ حَالٍ

Marfat.com

اللہ تعالیٰ نے مجھے تمام اقطاب پر حاکم بنایا پس میرا حکم ہر حال میں نافذ ہے۔

(۱۲)

فَلَو اُلْقَیْتُ سِرِّی فِی بِحَارٍ
لَصَارَ الْکُلُّ غَوْراً فِی الزَّوَالٖ

اگر میں اپنا راز سمندروں پر ظاہر کروں تو وہ تمام سمٹ کر اپنے پیندے میں چلے جائیں۔

(۱۳)

وَلَوْ اُلْقَیْتُ سَرِّی فِی جِبَالٍ
لَدُکَّتْ وَاخْتَفَتْ بَیْنَ الرِّمَالٖ

اگر میں اپنا راز پہاڑوں پر ڈالوں تو وہ ریزہ ریزہ ہو کر اسطرح ہو جائیں جسطرح ریت ہو۔

(۱٤)

وَلَو اُلْقَیْتُ سِرِّی فَوْقَ نَارٍ
لَخَمَدَتْ وَانْطَفَتْ مِنْ سِرِّ حَالِیْ

اگر میں اپنا راز آگ پر ڈالوں تو وہ یوں ٹھنڈی ہو جائے کہ اسکا نام ونشان بھی باقی نہ رہے۔

Marfat.com

(۱۵)

وَلَوْ أَلْقَيْتُ سِرِّی فَوقَ مَیْتٍ
لَقَامَ بِقُدْرَةِ الْمَولیٰ تَعَالِیْ

اگر میں اپنا راز مردہ پر ڈالوں تو وہ بھی اللہ تعالیٰ کا نام لے کر اٹھ کھڑا ہو۔

(۱٦)

وَمَا مِنْهَا شُهُورٌ أَو دُهُورٌ
تَمُرُّ وَتَنْقَضِی إِلَّا أَتَالِی

وہ مہینے یا زمانے جو گزر رہے ہیں ختم ہونے سے پہلے میرے پاس آتے ہیں۔

(۱۷)

وَتُخْبِرُنِی بِمَا یَأْتِی وَیَجْرِی
وَتُعْلِمُنِی فَأَقْصِرْ عَنْ جِدَالِی

اور مجھے گزرے ہوئے واقعات کی خبر دیتے اور آنے والے حالات کی اطلاع دیتے ہیں پس (اے منکر کرامات) جھگڑنے سے باز آ۔

(۱۸)

مُرِیْدِی هِمْ وَطِبْ وَاشْطَحْ وَغَنِّی
وَافْعَلْ مَا تَشَآءُ فَالإِسْمُ عَالِ

Marfat.com

اے میرے مرید عشق الٰہی میں سرشار رہ، خوش رہ، نڈر رہ، اور خوشی کے نغمے گا جو چاہے کر میرا نام بلند ہے۔

(۱۹)

مُـــرِيْـــدِیْ لَا تَـــخَفْ اَللّٰہ رَبِّـــیْ
عَـطَـانِـــیْ رِفْـعَۃً نِـلْـتُ الْـمُـنَـالِـیْ

اے میرے مرید کسی سے نہ ڈر اللہ میرا رب ہے اسنے مجھے بلندی عطا کی ہے اور میں نے اپنی آرزوؤں کو پالیا۔

(۲۰)

طُبُـولِـی فِـی السَّـمَـاءِ وَالأَرْضِ دُقَّـتْ
وَ شَـاءُ وْسُ السَّـعَا دَۃِ قَدْ بَدَالِی

میرے نام کے ڈنکے آسمان اور زمین میں بجائے جاتے ہیں اور سعادت کے نقیب میرے لئے ظاہر ہو رہے ہیں۔

(۲۱)

بِلَادُ اللّٰہِ مُـلْـكِـی تَـحْـتَ حُـكْـمِـی
وَوَقْتِـــی قَبْـلَ قَـلْبِـی قَـدْ صَـفَـالِـی

اللہ تعالیٰ کے تمام شہر میری ملکیت ہیں ان پر میری حکومت ہے میری روحانی حالت میری قلبی حالت سے پہلے صاف تھی۔

Marfat.com

(٢٢)

نَظَرْتُ إِلَىٰ بِلَادِ اللّٰهِ جَمْعاً
كَخَرْدَلَةٍ عَلَىٰ حُكْمِ اتِّصَالِي

میں نے اللہ کے تمام شہروں کی طرف دیکھا تو وہ مجھے رائی کے دانہ کے برابر دکھائی دیئے۔

(٢٣)

دَرَسْتُ الْعِلْمَ حَتّٰى صِرْتُ قُطْباً
وَنِلْتُ السَّعْدَ مِنْ مَولَىٰ الْمَوَالِي

میں علم پڑھتا پڑھتا قطب بن گیا اور یہ سعادت میں نے اللہ کی مدد سے حاصل کی۔

(٢٤)

رِجَالِي فِي هَوَاجِرِهِمْ صِيَامٌ
وَفِي ظُلَمِ اللَّيَالِي كَالّلَآلِي

میرے مرید موسم گرما میں روزہ رکھتے ہیں اور وہ رات کے اندھیرے میں موتیوں کیطرح چمکتے ہیں۔

(٢٥)

وَكُلُّ وَلِيٍّ لَهٗ قَدَمٌ وَّإِنِّي
عَلَىٰ قَدَمِ النَّبِي بَدْرِ الْكَمَالِ

Marfat.com

ہر ولی کا ایک مقام ہے لیکن میرا مقام نبی اکرم ﷺ جو آسمان کمال کے بدر کامل ہیں انکے قدم پر ہوتا ہے۔

(۲۶)

نَبِیٌّ هَاشِمِیٌّ مَكِّیٌّ حِجَازِیٌّ
هُوَ جَدِّیْ بِهٖ نِلْتُ الْمَوَالِی

نبی اکرم ﷺ ہاشمی، مکی، حجازی وہ میرے جد اعلی ہیں جنکی بدولت میں نے بزرگی کو پایا۔

(۲۷)

مُرِیْدِیْ لَا تَخَفْ وَاشٍ فَاِنِّی
عَزُوْمٌ قَاتِلٌ عِنْدَ الْقِتَالِ

اے میرے مرید تو کسی شریر سے مت ڈر میں لڑائی میں اولوالعزم اور دشمنوں کو قتل کرنے والا ہوں۔

(۲۸)

أَنَا الْجِیْلِیُّ مُحْیُّ الدِّیْنِ إِسْمِی
وَأَعْلَامِی عَلٰی رَأْسِ الْجِبَالِ

میں جیلان کا رہنے والا ہوں اور میرا نام محی الدین ہے میری کرامات کے جھنڈے پہاڑوں کی چوٹیوں پر لہرا رہے ہیں۔

Marfat.com

(۲۹)

أَنَــا الْـحَسَنِـيُّ وَالْـمُخْدَعْ مَقَـامِـي

وَأَقْـدَامِــيْ عَـلَــىٰ عُـنُـقِ الـرِّجَـالِ

ترجمہ میں امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اولاد سے ہوں اور مخدع میرا مقام ہے اور میرے قدم اولیاء اللہ کی گردنوں پر ہیں۔

(۳۰)

وَعَبْـدُ الْـقَـادِرِ الْـمَشْـهُـورُ إِسْـمِـي

وَجَـدِّيْ صَـاحِـبُ الْـعَيْـنِ الْكَـمَـالِ

اور عبدالقادر میرا نام مشہور ہے اور میرے جد امجد صلی اللہ علیہ وسلم چشمہ کمال کے مالک ہیں۔

☆ نیچے والا شعر قصیدہ کا حصہ نہیں کسی محبت والے نے بارگاہ غوثیت مآب میں فریاد کی ہے اللہ تعالیٰ جل مجدہ اسکو شرف قبولیت سے نوازے آمین!

تَــقَبَّـلْــنِــی وَلَا تَـــرْدُدْ سُـؤَالِـي

أَغِثْـنِـي يَـا سَيِّـدِيْ أُنْـظُـرْ بِـحَـالِي

قبول کیجئے اور میرے سوال کو رد نہ کیجئے اے میرے آقا! میرے مدد کیجئے اور میرے حال پر رحم کیجئے۔

نوٹ : بعض کتابوں میں شعر نمبر (۲۶) نہیں ہے۔

Marfat.com

## ائمہ کرام اولادِ امام عالی مقام رضی اللہ عنہ

لِیْ خَمْسَةٌ أُطْفِئُ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَة
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَا هُمَا وَالْفَاطِمَة
أیْ بَعْدُ هُمْ مِنْ نَسْلِهِمْ قَدْ جَاءَ نِیْ مِنْ فَضْلِهِمْ
الْعَابِدُ وَالْبَاقِرُ وَالصَّادِقُ وَالْکَاظِمَة
ثُمَّ الرَّضَا ثُمَّ التَّقِیُّ ثُمَّ النَّقِیُّ وَالْعَسْکَرِی
أیْ ثُمَّ مَهْدِیْ هَادِیاً یَعْنِیْ إمَامُ الْخَاتِمَة

پانچ ہستیاں میرے لئے وسیلہ ہیں جن سے میں سخت ترین وباء کی شدت کو کم کرتا ہوں، محمد مصطفٰے ﷺ اور علی المرتضیٰؓ اور انکے دو بیٹے (الحسنؓ والحسینؓ) اور سیدہ

Marfat.com

فاطمہؓ۔ انکے بعد انکی نسل میں سے انکا فضل میری طرف آیا یعنی علی زین العابدینؒ ، امام محمد باقرؒ، امام جعفرؒ الصادق، اور امام موسیٰ کاظمؒ۔ انکے بعد امام علیؒ رضا ۱؎ پھر امام محمدؒ تقی ۲؎ پھر امام علیؒ نقی ۳؎ اور امام حسن عسکریؒ ۴؎ اور پھر امام محمدؒ مھدی ۵؎ ہدایت والے جو آخری امام ہیں۔

---

۱؎ ان بزرگوں کا ذکر آگے شجرہ طریقت میں ہے۔

۲؎ آپ امام علی رضا کے صاحبزادے تھے (۱۹ رمضان ۱۹۵ھ/ 811ع) کو مدینہ طیبہ میں پیدا ہوئے اور (۸ ذیقعدہ ۲۲۰ھ/ 835ع) کو وفات ہوئی مزار شریف بغداد معلیٰ میں ہے۔

۳؎ آپ امام محمد تقی کے صاحبزادے تھے (۱۳ رجب ۲۱۴ھ/ 829ع) کو مدینہ میں ولادت ہوئی اور (۲۵ جمادی الآخر ۲۵۴ھ/ 868ع) کو رحلت فرمائی مزار شریف سر من رای (سامرہ) میں ہے۔

۴؎ آپ امام علی نقی کے صاحبزادے تھے (۸ ربیع الآخر ۲۳۲ھ/ 847ع) کو مدینہ میں پیدا ہوئے اور (۸ ربیع الاول ۲۶۰ھ/ 874ع) کو رحلت ہوئی مزار اقدس سامرہ میں ہے۔

۵؎ آپ امام حسن عسکریؒ کے صاحبزادے تھے (۱۵ شعبان ۲۵۵ھ/ 869ع) کو سامرہ میں ولادت ہوئی اور (۷ محرم ۲۶۶ھ/ 880ع) کو رحلت فرمائی۔ آپکو حجۃ اللہ بھی کہا جاتا ہے۔ شیعہ آپکی غیبت کے اور دوبارہ تشریف لانے کے قائل ہیں جبکہ اہل سنت کے عقیدہ کے مطابق آپ وفات پا چکے ہیں۔ اور جو مھدی آخر الزمان ہونگے انکا نام محمد بن عبد اللہ ہوگا اور مولد مدینہ طیبہ ہوگا اور اولاد امام حسن سے ہونگے۔ جو کہ مسند امام احمد، سنن ابی داؤد اور جامع ترمذی کی احادیث سے ثابت ہے۔ بحوالہ نزھۃ الخاطر والفاتر از رئیس المحدثین علامہ ملا علی قاریؒ۔

ان نفوس قدسیہ ائمہ محفوظین، مغفورین کو اللہ تعالیٰ نے فطری ہدایت اور خوبیوں سے نوازا تھا یہ چند کاغذ انکی صفات کے متحمل نہیں ہوسکتے یہاں انکا ذکر خیر تبرکاً کیا ہے اللہ اسکو حشر میں وسیلہ نجات کرے۔ آئندہ کبھی انکے احوال و مناقب پر بات کی جائے گی انشاء اللہ! ثانی عفی عنہ

Marfat.com

امام زین العابدینؒ سے منسوب مشکلات کے حل کیلئے ایک مجرب دعا۔

" اَللّٰهُمَّ عُبَيْدُكَ بِفِنَائِكَ مِسْكِيْنُكَ بِفِنَائِكَ فَقِيْرُكَ بِفِنَائِكَ سَائِلُكَ بِفِنَائِكَ اَللّٰهُمَّ لَاتَكِلْنِى إِلٰى نَفْسِى فَأَعْجَزُ عَنْهَا وَلَا تَكِلْنِىْ إِلٰى الْمَخْلُوقِيْنَ فَيُضَيِّعُوْنِىْ "۔

"اے اللہ تیرا چھوٹا سا بندہ تیری بارگاہ میں حاضر ہے، تیرا مسکین تیرے دربار میں حاضر ہے، تیرا محتاج تیرے دربار میں حاضر ہے، تیرا مانگنے والا تیرے دربار میں حاضر ہے، اے اللہ ! مجھے میرے نفس کے حوالے نہ کر کہ میں اس سے بے بس ہو جاؤں اور مجھے مخلوق کے حوالے نہ کر کہ وہ مجھے ضائع کر دیں"۔

اسی طرح ایک اور دعا بھی آپ سے منسوب ہے جو نہایت ہی مقبول بارگاہ لم یزل ہے:

اَللّٰهُمَّ إِنِّى أَسْأَلُكَ بِإِسْمِكَ اللّٰه، اللّٰه، اللّٰه، اللّٰه، اللّٰه، الَّذِى لَا إِلٰهَ الا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْم۔

آپ فرماتے ہیں کہ میں نے ہر مشکل میں اس کا ورد کیا تو اللہ تعالیٰ نے میرے مشکل حل فرمائی۔

☆

حضرت حبیب عجمیؒ اور حضرت معروف کرخیؒ سے مروی ہے کہ جو شخص اس وظیفہ کا وِرد کرے اللہ تعالیٰ اس کے مقاصد کا حصول اور مشکلات حل فرماتا ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم امنتُ بالعلى العظيم و توكلتُ على الحى القيوم

Marfat.com

# دعائے سیفی

بزرگان سلسلہ قادریہ سے منسوب ایک دعائے سیفی بھی ہے۔ اسکی اجازت بھی حضرت شاہ ولی اللہ محدثؒ دہلوی نے اپنے اساتذہ حدیث سے حاصل کی۔ اور حضرت سید محمد غوث گوالیاریؒ نے اسکو جواہر خمسہ میں نقل کیا۔

نَادِ عَلِيّاً مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوناً لَكَ فِي النَّوائِبِ كُلَّ هَمٍّ وَ غَمٍّ سَيُنْجَلِي بِوَلايَتِكَ يَا عَلِي يَا عَلِي يَاعَلِي

(الامن والعلی از شاہ احمد رضا خان قادری بریلوی ص:۱۳۰)

مگر پیران سلسلہ قادریہ شیخو شریف اسکو ان الفاظ میں پڑھتے ہیں۔

ناد عليا مظهر العجائب والغرائب تجده عونا لك في النوائب كل هم و غم سينجلي بِعظمتكَ يا الله يا الله يا الله اكبر وبِرسالتكَ يا محمد يا محمد يا محمد ﷺ و بِولايتك يا علي يا علي ياعلي اَدْرِكْنِي فِي سَبِيلِ لِله

☆☆☆

Marfat.com

## درودِ قادریہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَآلِہٖ وَعَلٰی وَغَوثِ الْمُؤمِنِین صَاحِبِ الاَمْرِ مِنَ اللّٰہِ قَدَمِیْ ھٰذِہٖ عَلٰی رَقَبَۃِ کُلِّ وَلِیِّ اللّٰہِ

اے اللہ درود ہو محمد ﷺ اور آپکی آل پر اور مومنوں کے فریاد رس، من جانب اللہ اس حکم پر مامور کہ میرا قدم تمام اولیاء اللہ کی گردن پر ہے۔

☆☆☆

Marfat.com

# اسماء الحسنیٰ

فرمان الٰہی ہے قل ادعوا الله او ادعوا الرحمن ایا ما تدعوا فلہ الاسماء الحسنیٰ اے نبی ان لوگوں سے کہہ دیجئے کہ اللہ کہو یا رحمٰن یہ سارے اسی کے خوبصورت نام ہیں (اسراء:۱۱۰)۔

لیکن نام ایسے پکارے جانے چاہییں جو اللہ تعالیٰ کیلئے مختص ہیں۔ یہ جو نظریہ ہے کہ رام اور رحمان، بھگوان، ایشور سب اسی کے نام ہیں، یہ بالکل غلط ہے۔ جنکو اللہ اور اسکے رسول ﷺ نے بتایا وہ پاک اور درست ہیں۔ باقی ناجائز ہیں۔ اللہ تعالیٰ کو اسکے ناموں کے علاوہ پکارنا قطعاً ناجائز اور غلط ہے۔ قرآن مقدس میں ارشاد ہوتا ہے ولِلّٰہِ الاسماء الحُسنیٰ فادعوہ بھا وذروا الذین یُلحدون فی

اَسمائہ ''اور اللہ کیلئے ہی ہیں پاک نام پس اللہ کو اسی کے ناموں سے پکارو اور جو اسکے ناموں کیساتھ الحاد کرتے ہیں انہیں چھوڑ دو'' (اعراف:۱۸۰)۔

صحاح ستہ میں اس موضوع سے متعلق بے شمار احادیث ہیں۔ہم یہاں صرف جامع ترمذی کی روایت پر ہی اکتفا کرتے ہیں۔ عن ابی ھریرۃ عن النبی ﷺ ان للہ تسعین وتسعۃ اسماًمائۃ غیرَ واحدۃ مَنْ احصاھا دخل الجنۃ ''ابو ہرۃ نے نبی ﷺ سے روایت کی کہ اللہ تعالی کے ننانوے ۹۹ نام ہیں یعنی ایک کم سو جس نے انکو گن رکھا (یاد کیا) وہ جنت میں داخل ہوا''۔

(ترمذی کتاب الدعوات)

یہ حصول برکات اور مسائل کا اعلی ترین حل ہیں۔اسماءِ حسنےٰ میں متعدد آئمہ کرام مثلاً ترمذیؒ، ابو زید بغویؒ، سفیانؒ بن عینیہ، حافظ ابن حجرؒ امام جعفرؑ الصادق وغیرہ نے اپنی آراء کا اظہار کیا۔ہم یہاں صرف وہ اسماء بیان کرتے ہیں جنکی روایت امام جعفرؑ الصادق سے ہے کہ آپ فرد اہل بیت نبی ﷺ اور سلسلہ عالیہ قادریہ کے بھی پیشوا اور امام ہیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَللّٰہُ | الرَّحْمٰنُ | الرَّحِیمُ | المَلِكُ | القُدُّوسُ |
| السَّلَامُ | المُؤمِنُ | المُھَیمِنُ | العَزِیزُ | الجَبَّارُ |
| المُتَکَبِّرُ | الخَالِقُ | البَارِئُ | المُصَوِّرُ | الغَفَّارُ |
| الوَھَّابُ | الرَّزَّاقُ | الفَتَّاحُ | العَلِیمُ | القَابِضُ |
| البَاسِطُ | السَمِیعُ | البَصِیرُ | اللَّطِیفُ | الخَبِیرُ |

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الحَلِيمُ | العَظِيمُ | الغَفُورُ | العَلِيُّ | الكَبِيرُ |
| الحَفِيظُ | المُقِيتُ | الحَسِيبُ | الكَرِيمُ | الرَقِيبُ |
| المُجِيبُ | الوَاسِعُ | الحَكِيمُ | الوَدُودُ | المَجِيدُ |
| البَاعِثُ | الشَّهِيدُ | الحَقُّ | الوَكِيلُ | القَوِيُّ |
| المَتِينُ | الوَلِيُّ | الحَمِيدُ | المُبدِئُ | المُعِيدُ |
| المُحيِي | المُمِيتُ | الحَيُّ | القَيُّومُ | الوَاحِدُ |
| الصَّمَدُ | القَادِرُ | المُقتَدِرُ | الاَوَلُ | الاٰخِرُ |
| الظَاهِرُ | البَاطِنُ | المُتَعَال | البَرُّ | التَّوَّابُ |
| العَفُوُّ | الرَّؤُفُ | النُّورُ | الهَادِ | الغَنِيُّ |
| البَدِيعُ | البَاقِيُ | الوَارِثُ | الرَّبُّ | الكَافِ |
| القَاهِرُ | الصَادِقُ | الفَاطِرُ | البُرهَانُ | الشَدِيدُ |
| القَرِيبُ | القَائِمُ | العَالِمُ | الاحدُ | الوِترُ |
| المَنَّانُ | المُحِيطُ | الرَفِيعُ | القَدِيرُ | الخَلَّاقُ |
| النَّصِيرُ | المُبِينُ | الِالٰهُ | الفَردُ | السَّرِيعُ |
| الغَافِرِ | القَابِلُ | المَلِيكُ | المُعِينُ | ٩٩ |

☆☆☆

Marfat.com

# اسماء مقدسہ نبی ﷺ

اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ کو بے شمار صفات سے متصف کیا۔

یہاں صرف آپکے ننانوے اسماء مبارکہ کا ذکر کیا جاتا ہے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مُحَمَّدٌ | اَحْمَدُ | مَحْمُودٌ | قَاسِمٌ | نَبِیٌّ |
| رَسُوْلٌ | شَفِیْعٌ | شَاهِدٌ | شَهِیْدٌ | بَشِیْرٌ |
| مُبَشِّرٌ | نَذِیْرٌ | مُنْذِرٌ | دَاعٍ | سِرَاجٌ |
| مُنِیْرٌ | عَزِیْزٌ | حَرِیْصٌ | رَؤُفٌ | رَحِیْمٌ |
| مَاحٍ | حَاشِرٌ | عَاقِبٌ | هَادٍ | طٰهٰ |
| یٰسِیْن | مُزَمِّلٌ | مُدَثِّرٌ | خَلِیْلٌ | کَلِیْمٌ |
| حَبِیْبٌ | مُصْطَفٰی | مُجْتَبٰی | مُرْتَضٰی | مُخْتَارٌ |
| طَیِّبٌ | طَاهِرٌ | مُطَهَّرٌ | عَالِمٌ | عَلِیْمٌ |
| حُجَّةٌ | بُرْهَانٌ | اُمِّیٌّ | صَادِقٌ | مُصَدِّقٌ |
| اَمِیْنٌ | غَنِیٌّ | جَوَادٌ | نَاصِرٌ | نَصِیْرٌ |
| مَنْصُوْرٌ | مُؤْمِنٌ | مُطِیْعٌ | خَطِیْبٌ | فَصِیْحٌ |
| وَاعِظٌ | نَصِیْحٌ | نُوْرٌ | عَرَبِیٌّ | قَرَشِیٌّ |
| هَاشِمِیٌّ | رَحمۃ اللعالمین | حَکِیْمٌ | مُحَلِّلٌ | مُحَرِّمٌ |
| اَوْلٰی | کَافَّةٌ | عَبْدٌ | شَکُوْرٌ | اَوَّلٌ |

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اٰخِرٌ | ظَاهِرٌ | بَاطِنٌ | فَاتِحٌ | جَامِعٌ |
| خَاتِمٌ | عادِلٌ | رَشِيدٌ | قَائِمٌ | حَافِظٌ |
| وَلِيٌّ | ذَاكِرٌ | نَاطِقٌ | صَاحِبٌ | مَكِّيٌّ |
| مَدَنِيٌّ | يَتِيمٌ | حَلِيمٌ | اِمَامٌ | حَقٌّ |
| مُبَلِّغٌ | قَرِيبٌ | كَامِلٌ | بَشَرٌ | سَيِّدٌ |
| اَكْرَمُ | سَابِقٌ | عَفُوٌّ | كَرِيْمٌ | ۹۹ |

## اسماء علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ

کتب احادیث و سیر میں علی المرتضیٰ کے مختلف اسماء والقاب وارد ہیں۔ محبان ، اہل تصوف کی روحانی تسکین کیلئے یہاں امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے بھی اسماء یہاں نقل کیے جاتے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ابو التُراب | ابُوالحسن | ابُوالحُسين | ابُوالرَيحانِيّين |
| ابوالسِبْطَين | ابومحمد | عَلِيٌّ | حَيدَرْ |
| اِميرالمُؤمنين | قائدُ المسلمين | زَينُ المُوَحِّدِين | خاتِمُ الوَصِيِّين |
| شَيخُ المُهاجرين | يَعسُوبُ المُسلمين | مُولٰى المؤمنين | قَاتِلُ المُشرِكِين |

| | | | |
|---|---|---|---|
| صَارِعُ الکافرین | خَامِسُ آل عِبا | عُروَةُ الوُثقیٰ | اسدُاللّٰه |
| وَجْهُ اللّٰه | حَبِیبُ الله | حُجَّةُاللّٰه | صِفْوَةُالله |
| یَدُاللّٰهِ | ذُوالبَرْقَة | رَایَةُالهُدیٰ | فَلَكُ النَّجاة |
| صاحِبُ الرَّایة | صاحِبُ اللِّوَاء | کَنزُ الفُقَراء | بابُ الحِکمة |
| بابُ العِلم | مَرکَزُ الحِلم | وَزِیرُ الرسول | صَدِیقُ الرَّسُول |
| أخُ الرَّسُول | زَوجُ البتُول | مَثِیلُ هارُون | کاسِرُ الأصنام |
| مَنارُ الایمان | کَشَّافُ الکُرُوب | خَاصِفُ النَّعل | مَظهرُالعجائب والغَرَائِب |
| هَادِیٌ | مَهدِیٌ | صَفِیٌّ | قَارِیٌ |
| سَاقِیٌ | وَلِیٌّ | وَصِیٌّ | نَقِیٌّ |
| تَقِیٌّ | قاضِیٌ | داعِیٌ | جَرِیٌ |
| عَونٌ | مُعِینٌ | غَوثٌ | غَیَاثٌ |
| فَیّاضٌ | مُرتَضیٰ | مُحْسِنٌ | مُفَسِّرٌ |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| مُحَدِّثٌ | مُنَوَّرٌ | مُومِنٌ | مُكَرَّمٌ |
| مُعَظَّمٌ | مُشَرَّفٌ | ساجد | جَوَّاد |
| عابد | زاهد | مجاهد | شاهِدٌ |
| غالبٌ | صِدِّيق | ضِيَاء | شُجَاع |
| قَرْمٌ | نَاصرٌ | كَرَّار | إمام |
| أمين | عَادِل | سيد | كريم |
| شَهيدٌ | عَظِيمٌ | شَرِيفٌ | اَشْرَفُ |
| رَاكِعٌ | فَاضِلٌ | كَامِلٌ | رَاسِخٌ |
| صائم | كاظم | بَحرُ العُلُوم | ۹۹ |

## اسماء مبارکہ الشیخ سید عبدالقادر جیلانیؒ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عَبدُالقادر | سَيِّدٌ | مُؤَيِّدٌ | كريمٌ | عظيمٌ |
| شريفٌ | ظريفٌ | اِمامٌ | هُمامٌ | سالِكٌ |
| ناسِكٌ | مُؤَقِّنٌ | مُؤمنٌ | مُنعمٌ | مُكرَّمٌ |
| طَبيبٌ | طَيِّبٌ | مُطِيبٌ | جَوادٌ | مُنقادٌ |
| قَائِمٌ | صَائِمٌ | عابدٌ | زاهدٌ | ساجدٌ |

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| واجِدٌ | راشِدٌ | قائِدٌ | زائِدٌ | رشِيدٌ |
| جِيلِيٌ | حَنبَلِيٌ | تَقِيٌ | نَقِيٌ | زَكِيٌ |
| كاسِلٌ | باذِل | صفِيٌ | جمِيلٌ | جلِيلٌ |
| ماضٌ | مُناص | سعيدٌ | سخِيٌ | وَفِيٌ |
| بارساً | نَقِيبٌ | نَجِيبٌ | خَاضِعٌ | خاشِعٌ |
| صاحِبٌ | ثاقِبٌ | وارِثٌ | حارِثٌ | وارِعٌ |
| بارِعٌ | فائِقٌ | لائِقٌ | راسِخٌ | شامِخٌ |
| وَلِيٌ | خَفِيٌ | طاهِرٌ | ظاهِرٌ | مُطِيعٌ |
| سُنِيعٌ | لَبِيبٌ | حَبِيبٌ | شاهَدٌ | بَصِيرٌ |
| مُنِيرٌ | سِراجٌ | تَاجٌ | فَائِحٌ | فاتِحٌ |
| مُقرَبٌ | مُهذَبٌ | خَلِيلٌ | دَلِيلٌ | صَادِقٌ |
| حاذَقٌ | سُلطانٌ | بُرهانٌ | حَسَنِيٌ | حُسَينِيٌ |
| عالِمٌ | حاكِمٌ | مُعِينٌ | مُبِينٌ | مِصباحٌ |
| مِفتاحٌ | شاكِرٌ | ذاكِرٌ | مَلاذٌ | مَعاذٌ |
| صالِحٌ | ناصِحٌ | فالِحٌ | واضِحٌ | ۹۹ |

☆☆☆

Marfat.com

## یازدہ اسمائے غوث اعظم

سید(۱) و شیخ(۲) و ولی(۳) غوث(۴) جہاں شیئاً للہ
خواجہ(۵) مخدوم(۶) و فقیر(۷) و سلطاں(۸) شیئاً للہ
تو کہ مسکین(۹) بھی ہے شاہ(۱۰) بھی درویش(۱۱) بھی ہے
تیرے قربان میں اے جان جہاں شیئاً للہ

(افضال)

☆☆☆

Marfat.com

# فقر نامہ

یہ حضرت امام حیدر بخش رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ہے۔ اس میں تصوف کے دقیق اور عمیق مسائل کو بڑے شائستہ اور آسان پیرائے میں بیان کیا گیا ہے۔ جن پر عمل کر کے ایک مبتدی یا سالک فقر کی منازل کو آسانی سے طے کر سکتا ہے۔ پیران سلسلہ قادریہ شیخو شریف کے اوراد و وظائف میں بھی شامل ہے۔

الف ۔ اللہ کو ایک کر مانو
ب ۔ بانوا کوئی اور نہ جانو
ت ۔ ترک سبھی سے کریئے
ث ۔ ثابت کر پاؤں دھریئے
ج ۔ جلال اسی سے ڈریئے
ح ۔ حرام کی ڈھونڈ نہ کریئے

Marfat.com

خ ۔ خالی مت یاد سے ہو
د ۔ دنیا کو دل سے دھو
ذ ۔ ذکر کر اسی کا نت
ر ۔ ریا کی نہ کر چت
ز ۔ زاری بن بات نہ کریئے
س ۔ سراسر عجز موں ۱ رہیئے
ش ۔ شر مت جی پہ ٹھانو
ص ۔ صبر کا راہ پہچانو
ض ۔ ضمیر پہ شان نہ دھریئے
ط ۔ طالب بن مانؑ نہ کریئے
ظ ۔ ظلم سے بہتا بھاگو
ع ۔ عالی درجات کر، تیاگو ۲
غ ۔ غرور مت عمر پہ کر
ف ۔ فنا کو آگے دھر
ق ۔ قلب جب کیا پاک
ک ۔ کل تب دیکھی خاک
ل ۔ لاہوت ۳ تبھی پہچانو
م ۔ ملکوت ۴ جب انکا جانو
ن ۔ ناسوت ۵ سبھی بھلاوے
و ۔ وصل تب انکا پاوے

Marfat.com

ہ ۔ ہادی بن ناہیں بات
ء ۔ اُن دِن کچھ نہ آوے ہات
ی ۔ یقین تو مت کر اور
بِن ہادی کے ناہیں ٹھور ۶
حیدؔر کہی ہے اتنی بات
کسو کسو پائی انکی گھات ۷

---

۱ ہندی میں ''میں'' کے معنی میں مستعمل ہے۔
۲ چھوڑنا۔
۳ عالم لاہوت :ذات الٰہی کا مقام جس میں سالک کو مقام فنافی اللہ حاصل ہوتا ہے۔
۴ عالم ملکوت :بادشاہی ، فرشتوں کی دنیا۔ ۵ عالم ناسوت :عالم اجسام یعنی دنیا، مجازاً شریعت اور عبادت ظاہری۔

مزید: قال اللہ تعالی یا غوث اعظم کل طور بین الناسوت والملکوت فھی شریعة و کل طور بین الملکوت والجبروت فھی طریقة و کل طور بین الجبروت والاھوت فھی حقیقة .

''اللہ تعالیٰ جل مجدہٗ نے فرمایا اے غوث اعظم جو طور طریق ناسوت اور ملکوت کے درمیان ہے وہ شریعت ہے اور جو طور طریق ملکوت اور جبروت کے درمیان ہے وہ طریقت ہے اور جو جبروت اور لاہوت کے درمیان ہے وہ حقیقت ہے۔''

۶ ٹھکانہ یا اوٹ ،ملجی وماوی۔ ۷ بھید یا بات کی تہہ۔

Marfat.com

# سی حرفیؒ

یہ منظوم شجرہ بیعت سی حرفی کی شکل میں داتا حسنین سائیںؒ بانی شیخوشریف کی تصنیف ہے۔آپ تمام سادات گیلانیہ شیخوشریف کے جد اعلیٰ ہیں۔آپ مادرزاد ولی اللہ اور صاحب کرامت بزرگ ہوئے ہیں۔یہ سی حرفی آپ کے شعری ذوق کا ایک فنی شہکار ہے۔

الف۔ اللہ حسنینؒ کا شاہ حیدر پیر ا

ب۔ بتائی انکو راہ طریق سید مجتبیٰؒ شاہ صاحب تحقیق

پ۔ پکڑ نام شاہ محمودؒ دین و دنیا کہ ان سے ہے مقصود

Marfat.com

ت۔ تونگر مصطفیٰ سیدؒ پیر      ہادی و مرشد ہیں دستگیر
ث۔ ثناء تن صفا ماہ بلاغ      ہادی ہیں عبدالرزاق شاہؒ چراغ
ج۔ جابجا زین العابدینؒ بادشاہ      شریعت طریقت حقیقت معرفت میں ہمراہ
چ۔ چمن حسن کے باغ مراد      سید عبدالوہابؒ سرود دلکشاد
ح۔ حقیقت میں مانو حبیب خدا      قادر ثالثؒ واحد یکتا
خ۔ خبردار، مخبر، خیرؔ ۲      محمد غوثؒ بالا پیر ہیں راہبر
د۔ دلبر قادر ثانیؒ      انکے مرشد ہیں بندگی محمد غوث جیلانیؒ
ذ۔ ذاکر و شاہ شمس الدینؒ      صورت شمس و معنی یسین
ر۔ ریاضت میں شاہ محمدؒ میر      راہبر و راہنما و پیر و فقیر
ز۔ زمانہ میں سب زمین و زمن      شاہ علی نورؒ الدین ہیں روشن
ژ۔ ژندہ ۳ لباس ہے جنکا      شاہ مسعودؒ سید دانا
س۔ سرور سید و سردار      ابو العباس احمدؒ ہیں دلدار
ش۔ شاہ جہان سید و پاک      شاہ صوفیؒ ہیں صاحب ادراک
ص۔ صائب ۴ و نائب ہیں واللہ      سید ابو نصر شاہ فضل اللہ ۵
ض۔ ضامن ہیں بہر ہر دو جہاں      سید عبدالوہابؒ سیف زباں
ط۔ طریقت موں ۶ رہنما رہبر      قطب و سلطان پیر پیراں سید قادر
ظ۔ ظاہر ہیں شیخ و مخدومی      بو سعید مبارکؒ مخزومی
ع۔ عادل و عالم و عیار ۷      ابو الحسن قرشیؒ و گل ہنکار
غ۔ غنچہ باغ فردوسی      فخر کل ابو الفرح طرطوسیؒ
ف۔ فراست میں صاحب و فطرت      شیخ عبدالعزیزؒ با عجلت ۸

ق۔ قربت میں صومعی ۹ زاہد شیخ عبد الواحدؒ ہیں واحد

ک۔ کوثر کے جام سے سرمست شبلیؒ پاک ہیں کہ مست الست

گ۔ گل ہیں نہال باغ امید شاہ بغداد قاسم جنید قدس اللہ سرہ

ل۔ لطف خدا آل نبی ﷺ واقف بھید سَرِیؒ سقطیؒ

م۔ معروف کرخیؒ دانا انکے مرشد ہیں علیؒ موسیٰ رضا

ن۔ ناصر ہیں کاظمؒ و جعفرؒ باقرؒ و عابدؒ و شبیرؒ و شبرؒ

و۔ والی ہیں طائی داوُدؒ خواجہ حبیبؒ عجمی کے محبوب

ہ۔ ہادی ہیں حسنؒ بصری شاہ مردان علی کرم اللہ وجہ ولی و وصی

لا۔ لا اِلٰہ ہے بھید اللہ سر حق محمد الرسول اللہ ﷺ

ء۔ اَنا فاناً مِنَ اَلاَفلاک ۱؎ پھرؔ کے آتے ہیں صاحب لولاک ﷺ

ی۔ یگانہ جان کر رب نے دیا تحفہ معراج ، فقر و عشق اللہ

عشق مشک محمد رسول اللہ

عشق میرے اللہ کو عشق ہے میرے ہادی سے، میرے ہادی کو عشق ہے اللہ سے، عشق اللہ جمال فقراء ، بحق لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد الرسول اللہ۔

---

۱؎ اِمام حیدر بخش بن سید اللہ بخش

۲؎ چنا گیا، منتخب

۳؎ گودڑی فقراء کا لباس

Marfat.com

۴ درست کرنے والا، سیدھے رستے پر چلنے والا۔

۵ کئی شجرہ اور تذکرہ جات کی کتابوں میں اس نام کا تضاد ہے جو کسی بزرگ کی مسامحت کے سبب ہے۔ راقم الحروف اس پر ممکنہ حد تک جستجو کے بعد اس نتیجہ پر پہنچا ہے کہ عبدالسلام فضل اللہ ہی صفی الدین صوفی ہیں۔ حوالہ کیلئے کتب ملاحظہ ہوں:

''قلائد الجواہر'' از علامہ یحییٰ تادفی (م ۹۶۳)۔

''اخبار الاخیار'' از شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ۔

''تحفۃ القادریہ'' از سید ابو المعالی خیر الدین قادریؒ بن سید رحمت اللہ لاہوری (م یکم ربیع الاول ۱۰۲۴ھ/1615ع)، آپ امام نہم محمد التقیؓ کی اولاد سے اور سید داؤد کرمانی شیر گڑھیؒ متوفی ۹۸۲ھ کے بھتیجے تھے)۔

''شریف التواریخ'' شریف احمد شرافت نوشاہیؒ۔

اور سید عبدالسلام فضل اللہ صوفی کوئی غیر معروف ہستی بھی نہیں کہ جس میں مؤرخین کو اختلاف ہو۔ آپ حضور غوث اعظمؓ کے پوتے ہیں اور اسکا ثبوت موجودہ بغداد میں أظھر من الشمس ہے۔ ثانی عفی عنہ

۶ موں بمعنی ''میں'' ہندی میں مستعمل ہے۔

۷ پیمانہ، کسوٹی

۸ جلدی کرنے والا۔ عبدالعزیزؒ شیخ عبدالواحد کے والد اور پیر صحبت ہیں۔

۹ صومعہ معنی عبادت گاہ صومعی عبادت گزار۔

۱۰ پلک جھپکنے میں آسمانوں سے۔

☆☆☆

Marfat.com

# مختصر سوانح حیات پیراںِ سلسلہ قادریہ

## سید عالم محمد الرسول اللہ ﷺ

لا إله إلا الله محمد الرسول الله نہیں کوئی معبود سوا اللہ کے محمد ہیں رسول اللہ کے۔ آپ رسولوں کے سردار اور آپ ﷺ کو اللہ تعالی نے ہدایت کے ساتھ بھیجا (هو الذی أرسل رسوله بالهدى، فتح: ۲۸) پھر انکا ذکر بلند کیا (ورفعنا لك ذكرك، انشراح: ۴) پھر ہادی بنایا (إنك لتهدى إلى صراط مستقيم، الشوریٰ: ۵۲) پھر عالم الغیب بنایا (فلا يظهر على غيبه أحدا ٥ إلا من ارتضى من رسول، الجن: ۲۷) پھر حاکم بنایا (فلا

Marfat.com

وربك لا يؤمنون حتى يحكموك فيما شجر بينهم، نسآء:۶۴ ) پھر شافع امت کیا(لا يملكون الشفاعة إلا من اتخذ عند الرحمن عهدا ،سریم :۸۷ ) پھر مقام محمود پر جلوہ گر کیا(عسی أن يبعثك ربك مقام محمود ا،الاسرآء:۷۹ ) پھر نبیوں ورسولوں پر خاتم بنایا(ولكن رسول الله وخاتم النبيين ) پھر تمام جہانوں کیلئے رحمت کیا(وما أرسلناك إلا رحمة اللعالمين،الاحزاب،۴۰ )اور پھر آپکی ذات اقدس،مقدس،اطہر ،مطہر پر درود وسلام بھیجا(إن الله و ملائكته يصلون على النبي يا أيها الذين امنوا صلوا عليه وسلموا تسليما،الاحزاب:۵۶ ) ۔ صلی الله عليه وعلى آله وأصحابه أجمعين۔

## سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہ

علی المرتضیٰ ،اخ الرسول وزوج البتول فاطمۃؓ ،امام مظفر،باعث نزول سورۃ الدھر،اشرف المکین ،سید المؤمنین،ناصر المسلمین،عارف المبین،امام الکاملین، آپکو اسد اللہ کا لقب عطا ہوا اور خیبر کی فتح آپ کے نام لکھی گئی ۔آپ رسول ﷺ سے تقریباً ستائیس سال عمر میں چھوٹے تھے۔آپکی خدمات کا اسلامی تاریخ میں ایک سنہرا باب ہے۔آپ چوتھے خلیفہ ہیں۔رسول ﷺ نے ایک موقع پر فرمایا کہا''اما ترضى أن تكون مني بمنزلة هارون من موسى ''کیا تم اس بات سے خوش نہیں کہ میری تمہارے ساتھ وہی نسبت ہے جو موسیٰ کی ہارون کے ساتھ ہے''۔ پھر ایک موقع پر فرمایا'' العلي مني وأنا منه ''علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں''آپ (۱۳ رجب کو خانہ کعبہ میں پیدا ہوئے اور ۲۱ رمضان

Marfat.com

المبارک ۴۰ھ/ 661ع) ۶۳ کی عمر میں ایک خارجی عبدالرحمان ابن ملجم کے ہاتھوں شہادت پائی۔ آپ تمام سلاسل ہائے تصوف کے مصدر و مرجع ہیں۔

## حسن مجتبیٰ علیہ السلام

راحت قلب علی المرتضیٰ و فاطمۃ الزہرآء، راکب عاتق رسول اللہ، خلیفہ الخامس عنداللہ الإمام الحسن المجتبیٰ، (۱۵ ماہ رمضان ۳ھ/ 624ع) کو مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے۔ حضور ﷺ آپ سے بہت محبت فرماتے تھے۔ حضرت فاطمہؓ سے فرماتے میرے بچوں کو لے آو۔ حضور ﷺ کی مقرر کردہ خلافت راشدہ کی مدت میں ۶ ماہ آپ کے حصے میں آئے۔ آخرکار جب حالات سازگار نہ رہے تو ربیع الاول ۴۱ھ میں خلافت سے دستبردار ہو کر حضور ﷺ کی اس پیش گوئی (ابنی هذا سید ولعل الله أن يصلح به بين فئتين من المسلمين "کا ثبوت پیش کر دیا کہ "میرا یہ بیٹا سردار ہے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے سبب مسلمانوں کے دو گروہوں میں صلح کروادے" (بخاری کتاب المناقب)۔ پھر فرمایا اللہم إني أُحِبُّهُ فَأَحِبَّهُ " اے اللہ میں اس سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس سے محبت فرما" آپکا وصال پر ملال (۴۷ برس کی عمر میں ۵ ربیع الاول ۵۰ھ/ 30 ستمبر 671ع) میں زہر خورانی سے ہوا آپکا مزار جنت البقیع میں ہے۔

## إمام حسین علیہ السلام

گوشہ جگر علیؓ و زہرآءؓ، شبیہ رسول اللہ، إمام اہل الإبتلاء فی الکرب والبلا إمام حسین آنجناب کی شخصیت محتاج تعارف نہیں۔ آپ نے وہ عظیم الشان قربانی دی کہ تاریخ عالم میں اسکی مثال نہیں ملتی۔ احادیث نبویہ آپکے مقام و مرتبہ پر شاہد

Marfat.com

ہیں۔ آقادو عالم نے فرمایاﷺ "همارﻳﺤﺎﻧﺘﺎی من الدنيا، " حسن وحسین دنیا میں میرے دو پھول ہیں" (بخاری کتاب المناقب)۔ آپکی ولادت (۴ھ/625ع) کو مدینہ میں ہوئی اور (۱۰ محرم الحرام ۶۱ھ/680ع) میں کربلا کے مقام پر اپنوں کے ہاتھوں شہید کردئے گئے۔ آپکا یوم شہادت آج بھی عالم اسلام میں عقیدت واحترام سے منایا جاتا ہے۔ آپکا مرقد منور کربلا معلیٰ میں ہے۔

درمیان امت کیوان جناب
ہم چوں حرف قل ھواللہ در کتاب (اقبال)

## الحسن البصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

خواجہ عالم، بدر السالکین، غوث الاسلام والمسلمین، سلطان الاولیاء و المتقین آپکا نام حسن اور کنیت ابوسعید ہے۔ آپکی ولادت (۲۱ھ/642ع) کو مدینہ منورہ میں ہوئی آپ نے علی المرتضیٰؓ سے فیض حاصل کیا اور حسنین کریمینؓ کی صحبت سی بھی بہرہ ور ہوئے۔ آپکو ام المؤمنین حضرت سلمہؓ کا دودھ پینے کا شرف حاصل ہے یہی دو گھونٹ اسکا باعث ہوئے کہ علم وفضل میں آپکی مثال نہ ملتی تھی۔ آپکے والد کا نام یسار اور والدہ کا نام خیرۃ تھا۔ آپ نے (۱۱۰ھ/731ع) میں وفات پائی آپکا مزار بصرہ میں ہے۔

## علی بن حسین علیہ السلام

یادگار نبوت، پیشوائے دین وملت آپ ائمہ اہل بیت کے چوتھے امام ہیں۔ آپکی ولادت جمعہ ۱۵ جمادی الآخر ۳۸ ہجری میں ہوئی۔ آپکی کنیت ابومحمد اور القاب زین العابدین، سجاد، ذکی، امین ہیں۔ آپ انتہائی حلیم الطبع اور فطین الذہن

Marfat.com

تھے۔ مخالفین کے اعتراضات کو بڑے تحمل سے سنتے اور جواب ارشاد فرماتے۔ آپکا وصال ۱۸ محرم ۵۷ ہجری میں ہوا اور جنت البقیع میں امام حسن کے پہلو میں دفن ہوئے۔

## محمد بن علی علیہ السلام

عالم مصطفوی، وارث ولائیت مرتضوی، پیشوائے اہل یقین، امام المفسرین والمحدثین آپ امام زین العابدین اور فاطمہ بنت امام حسنؓ کے صاحبزادے تھے۔ آپ (۳ ماہ صفر ۵۷ھ/ 676ع) کو مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے۔ آپکی کنیت ابوجعفر القاب باقر، شاکر، ہادی اور جانشین پیغمبر ہیں۔ آپکا شمار اسوقت کے بڑے بڑے علماء میں ہوتا تھا۔ امام اعظم جیسے مجتہد آپکی صحبت سے فیضیاب ہوئے۔ آپ حقیقت ومعرفت کی کلید تھے۔ آپ (۷ ماہ ذی الحج ۱۱۴ھ/ 733ع) میں فوت ہوئے۔ آپکا مرقد انور آپکے والد ماجد کے پاس ہے۔

## جعفر بن محمد علیہ السلام

سرحلقہ اہل کمال، دائم مشاہدہ ذوالجلال امام الائمہ، امام الفقہاء امام ابوعبد اللہ جعفر الصادق الہاشمی بن امام محمد باقر آپکی والدہ ماجدہ فروۃ بنت قاسم بن محمد بن ابوبکر الصدیقؓ تھیں۔ آپ (۱۷ ربیع الاول ۸۳ھ/ 702ع) میں پیدا ہوئے۔ آپ جناب کو دوطرف سے فیض ملا آپ کے نانا قاسمؒ بلند پایا محدث تھے۔ ہزاروں لوگ آپ کے حلقہ درس میں شریک ہوتے امام ابوحنیفہؒ کا قول ہے کہ لو لا السنتان لهلك النعمان ''اگر زندگی میں یہ دوسال (امام جعفر کی صحبت کے) نہ ملتے تو نعمان ہلاک ہوجاتا'' آپؒ نے (۱۵ ماہ رجب ۱۴۸ھ/ 765ع) کو رحلت فرمائی۔

Marfat.com

## موسیٰ بن جعفر علیہ السلام

پیشوائے اہل بصیرت ،امام الکاظمین ،امام ابو علی موسی بن جعفر الکاظم آپ کی ولادت باسعادت (۷ صفر المظفر ۱۲۷ھ/ 744ع) میں ہوئی ۔کمال حلم اور غصہ دبانے کی وجہ سے آپ کا لقب کاظم پڑ گیا آپ کو صابر اور امین بھی کہا کرتے تھے۔ آپ کے کمالات خوارق عادات بہت ہیں آپ نے ظاہری و باطنی فیض اپنے والد ماجد سے حاصل کیا آپ نے (۲۵ رجب المرجب ۱۸۳ھ/ 798ع) میں وفات پائی بغداد آپکا مدفن ہے۔

## علی رضا بن موسیٰ کاظم علیہ السلام

قبلہ جمیع اہل اسلام، واقف اسرار قدر وقضا ،امام ابو محمد علی رضا۔ آپکے القاب رضا ،مرتضی، ضامن تھے۔ آپکی ولادت (۱۱ ذوالحجہ ۱۵۳ھ/ 770ع) کو مدینہ میں ہوئی۔ آپ امام المتصوفین تھے ہزاروں لوگ آپ کی صحبت سے فیض یاب ہوتے ۔حضرت معروف کرخیؒ جیسے بلند پایا بزرگ آپکی خدمت کو سعادت سمجھتے تھے۔ آپکے فیض سے عرب وعجم کا کوئی کونہ بھی خالی نہیں۔ آپکی وفات (آخر ماہ صفر المظفر ۲۰۲ھ/ 817ع) میں ہوئی۔ مزار شریف مشہد مقدس (ایران) میں ہے۔

## حبیب عجمی قدس اللہ سرہ

بحر المتبحرین ، برہان الحق والدین، خلیفہ اول و جانشین اعظم خواجہ حسن بصریؒ ،ابو نصر، ابو محمد حبیب بن محمد العجمی حضرت حسنؓ کے ہاتھ پر توبہ کی اور توکل میں وہ بے مثال رتبہ پایا کہ خود حسنؓ بھی حیران تھے۔ قرآن کریم سن کر گریہ فرماتے کسی نے کہا

Marfat.com

آپ تو عجمی ہیں پھر یہ مرتبہ کس طرح؟ ہاتف غیبی نے آواز دی کہ "عجمی ہے مگر حبیب ہے"۔ آپکی وفات (۳ ربیع الآخر ۱۵۶ھ/ 3 مارچ 772ع) میں ہوئی آپکا مرقد مبارک بصرہ میں ہے۔

## داؤد الطائی قدس اللہ سرہ

اِمام الأتقیاء والصلحاء سلطان المتصوفین، صاحب اِدراک وعرفان ابو سلیمان داؤد بن نُصَیر الطائی قبیلہ طے سے تعلق تھا۔ کوفہ میں پیدا ہوئے۔ ۲۰ سال کی عمر میں اِمام اعظم کی شاگردی اختیار کی فن حدیث اور قراءت میں ماہر تھے۔ فقہ میں بھی اعلیٰ مقام رکھتے تھے۔ صاحبین اپنے مسائل میں آپکو ثالث بناتے تھے۔ مگر روحانیت کی طرف اس طرح مائل ہوئے کہ ایک دن ساری کتب اُٹھا دریا بُرد کر دیں اور حبیب عجمیؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے تصوف میں وہ بلند مرتبہ پایا کہ حضرت فُضَیل بن عیّاض بھی آپ پر فخر کرتے تھے۔ آپ اِمام ابو یوسفؒ پر اِمام محمدؒ کو ترجیح دیتے تھے فرماتے کہ محمدؒ نے ہمارے استاذ کی سنت کو باقی رکھا جبکہ ابو یوسفؒ نے ترک کر دیا۔ اِمام اعظم ابو حنیفہ نعمان بن ثابت الکوفیؒ آپکی ولادت (۸۰ ھ /699ع) میں ہوئی۔ آپ راہبر طریقت بھی تھے روحانیت میں بلند مرتبہ پایا۔ آپ انتہادرجے کے متقی اور عبادت گذار تھے۔ آپکی وفات (۱۵۰ھ/ 767ع) میں ہوئی جبکہ داؤد طائی ۱۶۵ھ/ 782ع) میں فوت ہوئے۔

## معروف کرخی قدس اللہ سرہ

مقتدائے صدر طریقت، سلطان المتعبدین، اسدالدین، ابو محفوظ علی بن فیروز بن مرزبان الکرخی معروف شاید آپ کو عرف عام میں کہتے تھے۔ اِمام علی رضا کے

Marfat.com

ہاتھ پر مشرف باسلام ہوئے پھر داؤد طائی کی خدمت میں رہ کر فیض پایا۔ انکی وفات کے بعد پھر امام علی رضا کی خدمت میں حاضر ہوئے اور پوری زندگی انہی کی خدمت میں ہی گزار دی۔ آپکا وصال (۲محرم الحرام ۲۰۰ھ/ 12 اگست 815ع) میں ہوا۔ فقر میں اعلیٰ مقام رکھتے تھے اور مجیب الدعوات تھے۔ خواجہ ممشاد علوؒ دینوری جیسے بزرگ آپکی صحبت سے فیضیاب ہوئے۔ ۱۰۰ برس سے زائد عمر پائی آپکی تصانیف میں ایک تفسیر کا ذکر ملتا ہے۔ آپکا مزار بغداد میں ہے۔

## سری سقطی قدس اللہ سرہ

شیخ الشیوخ طریقت، ضیاء الدین، سراج العالمین، حضرت ابوالحسن سری سقطی البغدادی بن مُغلّس آپ حضرت جنید بغدادی کے ماموں تھے۔ آنجناب نے حضرت معروف کرخی سے بیعت کی۔ گرے ہوئے آم فروخت کیا کرتے تھے۔ اسی سبب سے نام سقطی پڑ گیا۔ جناب حبیب الراعیؒ کی دعا کی بدولت ولائیت میں بلند مرتبہ پایا بشر بن حارث حافیؒ سے بھی صحبت رہی۔ ارشاد فرمایا کرتے تھے کہ چالیس سال سے شہد کی خواہش ہے جو ابھی پوری نہیں ہوئی فرماتے تھے کہ روزانہ آئینہ دیکھتا ہوں کہ کہیں گناہ کیوجہ سے چہرہ سیاہ نہ ہو گیا ہو۔ آپ نے (۳ رمضان ۲۵۳ھ/ 6 ستمبر 867ع) میں رحلت فرمائی مزار بغداد شریف میں ہے۔

## جنید بغدادی قدس اللہ سرہ

سید الطائفہ، طاؤس العلماء، امام الاولیاء، برہان الاتقیاء، صدر العرفاء، ابو القاسم جنید بن محمد بن جنید البغدادیؒ آپکی ذات گرامی تمام اولیاء اللہ میں منفرد وممتاز نظر آتی ہے۔ آپ حضرت سفیان ثوری کے مذہب کے پیرو تھے۔ آپ نے اپنے

Marfat.com

ماموں سریؒ کے ہاتھ پر بیعت کی۔ جناب سری سے پوچھا گیا کہ کسی مرید کا رتبہ پیر سے بڑھ سکتا ہے تو انھوں نے فرمایا ''ہاں جیسے جنید کا مجھ سے بڑھ گیا'' ابن اثیر نے لکھا ہے کہ آپ اپنے وقت میں دنیا کے امام تھے۔ آپ خواجہ ممشاد علو دینوری کے پیر صحبت تھے ۔تصوف کی اولین کتاب ''اللمع'' کے مؤلف ابو نصر سراج عبداللہ بن محمدؒ (م ۳۷۸ھ) کے شیخ ابو محمد عبداللہ بن المرتعشؒ (م ۳۲۸ھ) نے بھی آپ کے ہاتھ پر بیعت کی۔ آپ کی ولادت (۲۱۶ھ/ 831ع) میں ہوئی اور آپکا وصال (۲۷ رجب المرجب ۲۹۷ھ/ 11 اپریل 910ع) میں ہوا۔ آپکی تصانیف میں ''عمدۃ السلوک'' کا نام ملتا ہے۔ آپکا مرقد انور (شونیزیہ) بغداد میں ہے۔

## ابو بکر شبلی قدس اللہ سرہ

سلطان الملۃ، حجۃ اللہ، کہف الدین، امام اہل تصوف و عرفان، ابو بکر دُلَف بن جَحدَرْ الشبلی آپ بغداد کے ایک گاؤں شبلہ میں (۲۵۷ھ/ 871ع) کو پیدا ہوئے۔ حضرت خیر النساج کے ہاتھ پر تائب ہو کر جنید بغدادی کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بیعت کی آپ انکے رشتہ دار بھی تھے۔ مسلکاً مالکی تھے۔ انتہائی متقی اور پرہیز گار تھے۔ جنید کہا کرتے تھے کہ ہر قوم کا ایک سردار ہوتا ہے اور اس قوم کے سردار شبلیؒ ہیں۔ آپ نے (۲۸ ذی الحجۃ ۳۳۴ھ/ 30 جولائی 946ع) میں رحلت فرمائی علم حدیث اور فقہ میں عبور حاصل تھا۔ آپکی تصانیف میں ''اسرار العارفین'' اور ''اسرار الحروف'' کے نام ملتے ہیں۔

## عبد الواحد تمیمی قدس اللہ سرہ

ہادی الموحدین، زین الدین، خلاصہ اہل عرفان، وسیلہ ارباب ایقان، الشیخ

Marfat.com

ابوالفضل عبدالواحد بن عبدالعزیز بن حرث بن اسدؒ۔ علوم ظاہری کے بعد بلاد عرب و عجم کی سیاحت کی مگر عمر شریف کا زیادہ تر حصہ بغداد معلّٰی میں ہی گذرا۔ حضرت ابو بکر شبلیؒ کی خدمت میں رہ کر خرقہ خلافت حاصل کیا۔ آپ مذہباً حنفی تھے۔ آپکا وصال (۹ جمادی الثانی ۴۲۵ھ/ 1 مئی 1034ع) میں ہوا۔ مزار شریف مقبرۂ امام احمد بن حنبلؒ میں واقع ہے۔ عبدالعزیز آپ کے والد ماجد اور پیر صحبت ہیں آپکا روحانی فیض بھی حضرت عبدالواحد کو پہنچا اس وجہ سے سی حرفی میں آپ کا نام شامل ہے۔ (۱۱ ذوالحج ۳۳۲ھ) میں آپکا دار آخرت کیطرف انتقال ہوا۔ مزار یمن میں ہے۔

## ابوالفرح طرطوسی قدس اللہ سرہ

امام العاشقین، قطب الدنیا والدین، فخر السالکین، علاء الدین، محرم اسرار خفی وجلی ابوالفرح محمد بن عبداللہ بن یونس الطرطوسی، ایک روایت کے مطابق آپکا نام یوسف ہے۔ آپ طرطوس کے رہنے والے تھے جو اندلس کا پر رونق شہر تھا۔ آپنے حضرت عبدالواحد کے دست مبارک پر بیعت کی۔ آپ صاحب کرامت بزرگ تھے۔ آپ صبر و ریاضت اور تجرید و توکل میں یگانہ وقت تھے۔ (۳ شعبان ۴۴۷ھ/ 28 اکتوبر 1055ع) میں وفات پائی آپکا مزار شریف طرطوس میں زیارت گاہ خاص و عام ہے۔

## ابوالحسن ہنکاری قدس اللہ سرہ

شیخ الاسلام، قطب العالمین، نصیر السالکین، حجۃ العارفین، شرف الدین، ابوالحسن علی بن احمد بن یوسف بن عرفہ القرشی الہنکاری۔ آپ کی ولادت (۴۰۹ھ/ 1018ع) میں ہوئی۔ آپ نے حضرت ابوالفرح طرطوسی کے دست

Marfat.com

اقدس پر بیعت کی۔ کم کھانا، کم سونا اور زیادہ عبادت آپکی فطرت میں شامل تھا۔ بہت ساری احادیث مبارکہ آپکو زبانی یاد تھیں۔ لوگوں نے آپ کو شیخ الاِسلام کا لقب دیا مگر آپنے فرمایا کہ میں شیخ الاِسلام نہیں ہوں ۔آپکا وصال( ۱ محرم ۴۸۶ھ/ 1فروری 1095ع ) میں ہوا آپکا مزار بغداد شریف میں ہے۔

# حضرت مبارک قدس اللہ سرہ

سراج العالمین، مخدوم العارفین، سلطان الراشدین، فخر السالکین، مصلح الدین ابوسعید مبارک مخرّمی بن علی بن حسین بن بندرا ہے۔آپ نے حضرت ابوالحسن ہنکاری کے دست مبارک پر بیعت کی۔آپ کی بیعت روحی ائمہ اثناعشر سے تھی۔آپ کی عظمت ومرتبہ کے اندازہ کیلئے یہی کافی ہے کہ قطب الاقطاب، غوث الاغواث محبوب سبحانی السید عبدالقادر جیلانی نے خرقہ خلافت آپ سے پایا۔جس مدرسہ میں غوث اعظمؒ درس دیتے تھے وہ مدرسہ آپ ہی کا تھا۔آپ مسلکاً حنبلی تھے۔آپ کی وفات(۷محرم ۵۱۳ھ/ 20اپریل 1119ع ) میں ہوئی۔

# عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ

سیدالاولیاء، وارث میراث انبیاء، نجیب الطرفین، ابن صاحب قاب قوسین، محبوبُ محبوبِ رب المشرقین والمغربین، پیران پیر، صاحب قول قدمی ھذہ علی رقبۃ کل ولی اللہ، مقرب بارگاہ احدیت، مقدس درگاہ صمدیت، غوث الأغواث، سید الأسیاد، میراں محی الدین السید عبدالقادر الحسنی الحسینی الجیلانیؓ۔آپ کے والد گرامی کا نام ابوصالح موسیٰ ہے۔آپ کا نسب مبارک گیارہ مقدس واسطوں سے اِمام علی المرتضیٰؓ تک پہنچتا ہے۔آپ نے حضرت ابوعبداللہ حماد بن مسلمؒ دباس

Marfat.com

متوفی (رمضان ۵۲۰ ہجری سے بھی کسب فیض کیا۔ آپ حضورؒ کے نام کی نسبت سے پورے سلسلہ طریقت کا نام ہی قادریہ پڑ گیا۔ آپ (یکم رمضان ۴۷۰ ھ/ 18 مارچ 1078ع) کو جیلان میں پیدا ہوئے اور ۹۱ سال آسمان ولائیت پر پرواز کرنے کے بعد طریق آخرت کا رخ کیا۔ آپ کی رحلت (۱۱ ربیع الثانی ۵۶۱ ھ/ 14 فروری 1166ع) میں ہوئی۔

## عبدالوہاب قدس اللہ سرہ

اِمام الفضلاء، صدر الأصفیاء، موردِ تجلیات سبحانی، مخزن مشاہدات ربانی، شیخ الاسلام والمسلمین سیف الدین ابو عبداللہ سید عبدالوہاب گیلانی القادری آپ جناب غوث اعظمؒ کے بڑے صاحب زادے تھے۔ (شعبان ۵۲۲ ھ/ اگست 1128ع) میں پیدا ہوئے۔ علوم ظاہری و باطنی میں آپ کی مثال نہ تھی اپنے وقت کے زبردست عالم، واعظ اور متقی انسان تھے۔ حضور غوث اعظم کے وصال کے بعد مدرسہ کی ذمہ داری بھی آپ نے سنبھالی۔ رحمدل ہونے کے ساتھ ساتھ جود و صفا کی صفات سے بھی متصف تھے۔ آپکا وصال (۲۵ شوال ۵۹۳ ھ/ 11 ستمبر 1197ع) میں ہوا۔ مزار غوث پاکؒ کیساتھ ہے۔

## شیخ عبدالسلام قدس اللہ سرہ

قدوۃ الفقہاء والمحدثین، زبدۃ العلماء والمفسرین، فرد الاقطاب والاغواث، سید عبدالسلام بن سید عبدالوہاب آپ غوث اعظم کے پوتے تھے۔ ابو منصور، ابونصر، ابوالفرح آپکی کنیتیں، فضل اللہ اور صفی الدین آپ کے القاب تھے۔ کثرت عبادت و ریاضت کے باعث عرف عام میں صوفی پکارے جانے لگے۔ ظاہری و باطنی تعلیم

Marfat.com

اپنے والد ماجد سے حاصل کی اور اپنے دادا غوث پاکؓ کی زیارت اور تربیت سے بھی فیض یاب ہوئے۔ جب تک آپ اپنی والدہ کے بطن مبارک میں رہے سید عبدالوہاب اسطرف پشت نہ کرتے تھے۔ آپکی ولادت (۸ ذی الحجہ ۵۴۸ھ/ 24 فروری 1154ع) میں اور وفات (۳ رجب ۶۱۱ھ/ 8 نومبر 1214ع) میں ہوئی بغداد آپ کا مولد و مدفن بنا۔

## سید احمد قدس اللہ سرہ

سلطان الطریقت، برہان الحقیقت، قبلہ عالم، ابوالمسعود سید احمد المعروف احمد گنج بخش آپ سید صفی الدین صوفی کے فرزند ارجمند تھے۔ آپ کی ولادت (۵۵۸ھ/ 1163ع) کو بغداد میں ہوئی۔ آپ کی کنیت ابو مسعود بھی ہے آپ سقوط بغداد سے پہلے ترک سکونت کر کے روم تشریف لے گئے پھر حلب میں قیام پذیر ہوئے اور وہیں مستقل سکونت اختیار کرلی۔ آپ اپنے والد بزرگوار کی طرح عرفان میں بے مثل رتبہ رکھتے تھے۔ تعلیم ظاہری اور باطنی کے زیور سے آراستہ تھے آپ کی کنیتیں ابو نصر، ابوالعباس اور القاب حمید الدین، علم الدین بھی تھے۔ آپ کا وصال (۲۵ رجب ۶۳۰ھ/ 7 مئی 1233ع) میں ہوا آپ کا مزار اقدس حلب (شام) میں ہے۔

## سید مسعود گیلانی قدس اللہ سرہ

غوث المقربین، سراج العابدین، زین العارفین، نور الدین، ابوالبرکات، سید ابوعلی مسعود گیلانی عرف عام میں آپ کو غازی بھی کہا جاتا ہے۔ آپ سید احمد گنج بخش کے صاحبزادے تھے اور انہیں کے دست مبارک پر بیعت کر کے سلوک معرفت کی تمام منازل طے کیں۔ آپ حلب کے صوفیاء کے امام مانے جاتے تھے۔ آپ

Marfat.com

جناب (۶۲۰ھ/ 1223 ع )کو بغداد میں پیداہوئے اور( ۵ شعبان ۶۶۰ھ/ 25 جون 1262ع )کوحلب میں رحلت فرمائی، والد ماجد کے پہلو میں دفن ہوئے۔

## سید علی گیلانی قدس اللہ سرہ

مظہر کمالات نبویہ، مزین اطوار غوثیہ، مہبط انوار الہیہ ،صالح الدین ، ضیاء الدین ابوالحسن علی گیلانی، سید مسعود غازی کے فرزند ارجمند تھے۔ آپکی کنیت ابوالحسن بھی تھی۔(۶۴۵ھ/ 1247ع )کوحلب میں پیداہوئے۔آپ نے اپنے والد ماجد سے روحانی تعلیم پائی اورانہیں کے دست پر بیعت کی۔مجاہدہ و ریاضت کے شائق تھے۔دنیا واہل دنیا کونظر اٹھا کر بھی نہ دیکھتے۔معرفت میں اپنا ثانی نہیں رکھتے تھے۔(۲محرم الحرام ۷۱۵ھ/ 8 اپریل 1315ع )کوحلب میں وفات پائی اوراپنے خاندانی قبرستان میں دفن ہوئے۔

## سید حسن شاہ میر میراں قدس اللہ سرہ

امام الطریقت ،سلطان الحقیقت،غواص دریائے حقیقت ،سراج الدین ، شرف الدین ،سید ابومحمد حسن المعروف شاہ میر میراں آپ کی کنیت ابوعبداللہ بھی تھی۔اور آپ کے القاب جمال الدین اور اطہر بھی تھے۔آپ سید علیؒ کے بیٹے تھے۔آپ نے (۶۷۶ھ/ 1278ع) میں ولادت پائی ظاہری اور باطنی علوم اپنے والد ماجد اورسید صالح گیلانی سے تفسیر،حدیث اور فقہ حاصل کئے۔اورخرقہ خلافت اپنے والد سے حاصل کیا۔ آپ حلب کی پسندیدہ ترین شخصیت تھے۔آپ کا شمار جلیل القدر اوراکابر مشائخ میں ہوتا تھا۔آپ کا دسترخوان ہمیشہ بچھا رہتا اورلنگر جاری

Marfat.com

رہتا۔آپ کی شخصیت میں تواضع از حد تھا۔ آپ ایک دفعہ ہندوستان تشریف لائے پھر واپس حلب چلے گئے۔(۸ ذیقعدۃ ۷۶۶ھ/ 27 جولائی 1365ع) میں وفات ہوئی۔حلب آپ کا مولد ومنشأ ومدفن بنا۔

## حضرت سیّد محمد قدس اللہ سرہ

سلطان الاوتاد، رئیس الأفراد، قطب الواصلین، آفتاب دین وملت، حضرت ابومحمد سید شمس الدین محمد اعظم، آپ سید شرف الدین حسنؒ کے صاحبزادے تھے۔ آپ (۷۵۴/ 1353) کو حلب میں پیدا ہوئے۔ آپ نے ظاہری تعلیم حلب کے بڑے بڑے فقہاء سے حاصل کی پھر تصوف وروحانیت کی طرف مائل ہو کر اپنے والد ماجد کے دست حق پر بیعت کی۔آپ اہلِ طریقت حلب کے اِمام مانے جاتے تھے اور بڑے متوکل علی اللہ تھے۔ دروازے پر زائرین کا تانتا بندھا رہتا تھا۔(۳ ربیع الاول ۸۳۴/ 1431ع) کو فوت ہوئے اور آبائی قبرستان میں دفن ہوئے۔(ایک قول کے مطابق آپکی وفات ۸۸۵ھ میں ہوئی مگر پہلی روایت زیادہ صحیح معلوم ہوتی ہے۔۔ثانی عفی عنہ)۔

## سید محمد غوث اچوی قدس اللہ سرہ

وارث خاتم النبیین واِمام الصالحین، غوث العارفین، زبدۃ الفقہاء المحدثین شمس الہند، محمد غوث اچوی حلبی بن سید شمس الدین محمد، آپ (۸۰۳ھ/ 1401ع) میں پیدا ہوئے (تاریخِ اوچ میں ۸۳۳ھ) درج ہے۔ اپنے والد ماجد سے خرقہ خلافت حاصل کیا اوران سے ہندوستان جانے کی اجازت چاہی مگر آپ نے فرمایا کہ میری زندگی میں کہیں نہ جاؤ۔ انکی وفات کے بعد اِیماء غیبی پر بغداد

،خراسان، ترکستان سے ہوتے ہوئے ہندوستان آئے پہلے ناگور آئے پھر لاہور اور ملتان سے ہوتے ہوئے اوچ ( بہاولپور ) ۸۸۷ ہجری میں بحکم غوثیہ مستقل قیام فرمایا۔ سلسلہ قادریہ اگرچہ ہندوستان میں پہلے بھی شیخ عیسیٰ بن غوث الاعظمؒ کی نسبت متعارف تھا ۔ مگر جو عروج آپ کی آمد سے ملا پہلے نصیب نہ تھا۔ خواجہ محمد حسینی بندہؒ نواز اسوقت مسند خلافت چشتیہ پر متمکن تھے ۔ نقشبند کے حضرت مولینا محمد زاہد وخشیؒ (م ۹۳۶ھ) مسند آراء تھے۔ حسین مرزا حاکم سندھ اور سکندر لودھی سلطان دہلی آپ کے مرید تھے۔ ہزاروں طلبہ آپ کے حلقہ درس میں شریک ہو کر فیض یاب ہوتے۔ آپ کی وفات ( ۷ رجب ۹۲۳ھ/ 23 جولائی 1517 ) میں بعہد ظہیر الدین بابر ہوئی۔ مزار شریف اوچ گیلانیہ میں مرجع خلائق ہے۔

## عبدالقادر ثانی قدس اللہ سرہ

سلطان الأتقیاء، نور نقطہ عرفان، مرکز دائرہ ایمان، محبوب غوث صمدانی، مہبط انوار الٰہی، آپ سید محمد غوث اچویؒ کے صاحبزادے تھے۔ آپ کی ولادت (۵ صفر المظفر ۸۶۲/ 1460ع) میں ہوئی۔ حاکمین وقت آپ کے والد کے عقیدت مند تھے۔ شروع میں آپ کی طبیعت آزادانہ تھی مثل شہزادگان وقت، آلات طرب کے ساتھ گانا بجانا سنتے، شکار کھیلتے والد گرامی نے ایک مرتبہ ڈانٹ ڈپٹ کی تو رات خواب میں حضور غوث پاکؒ کی زیارت ہوئی جو فرما رہے تھے محمد غوث ! عبدالقادر میرا بیٹا ہے اسکی نگہداشت میرا کام ہے تم اپنے دوسرے بچوں کی نگرانی کرو صبح جب والد گرامی سے یہ خواب سنا تو دنیا ہی بدل گئی آلات طرب و سامان صید و شکار ٹھکانے لگا کر یوں تائب ہوئے کہ عبدالقادر ثانی ہو گئے۔ فقر و استغناء کی مثال نہ تھی حاکم سنجر

Marfat.com

نے گورنری کی پیشکش کی مگر آپ نے ٹھکرادی۔ صائم النہار، قائم اللیل تھے حضور سید عالم ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ (۱۸ ربیع الاول ۹۴۰ھ/1538ع) میں وفات پائی۔ آپ کا مزار اوچ گیلانیاں (ضلع بہاولپور) میں ہے۔

## محمد غوث بالا پیر قدس اللہ سرہ

امام المتقین والصالحین، سلطان الراسخین، ہادی السالکین، مرشد الراشدین، صورت شبر وشبیر، میر سید محمد غوث بالا پیر، آپ اپنے نانا پاک ﷺ کی طرح یتیم پیدا ہوئے۔ آپ حضرت زین العابدینؒ کے بیٹے اور سید عبدالقادرؒ ثانی کے پوتے تھے۔ والدہ ماجدہ کی طرف سے سلسلہ نسب حضرت مخدوم سید عبداللہ ربانی اچوی کے واسطہ سے جناب غوث اعظمؒ تک پہنچتا ہے۔ آپ کے دادا عبدالقادر ثانی آپ سے بہت محبت کرتے تھے۔ آپ نے ابتدائی کتب مولنا عبدالرحمٰن جامیؒ اور مولینا معزالدین ملتانی سے پڑھیں جو ان دنوں اچ میں مدرسہ قادریہ کے صدر مدرس تھے۔ سید عبدالقادر ثانی نے آپ کو خرقہ خلافت عطا فرما کر سنگھرہ جانے کا حکم دیا۔ آپ سیر و سیاحت کیلئے ناگور، آگرہ، اجمیر، دہلی، ایبٹ آباد اور بالاکوٹ بھی تشریف لے گئے۔ بالاکوٹ کی نسبت نام بالا پیر پڑ گیا۔ آپ مشائخ قادریہ میں یکتائے زمانہ تھے۔ فرمایا کرتے تھے "کہ میرا نام جناب غوث اعظمؒ کے نعل پاک کے تلوے پر لکھا ہوا ہے، جب آپ عالم بالا پر چلتے ہیں تو جس قدر وہ نام وہاں گھستا ہے اسی قدر دنیا میں میرا نام چمک اٹھتا ہے"۔ آپ کے روحانی اور اویسی خلفاء میں سید داؤد کرمانی (۹۸۲ھ) شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ، اور سلطان ہاتھی وانؒ (۱۲۵۰ھ) جیسے بزرگ شامل ہیں۔ آپ نے (۹ شوال ۹۵۵ھ/1548ع) کو رحلت فرمائی۔ آپ کا مزار

اقدس سنگھرہ (ضلع اوکاڑہ) کے قریب مرجع خلائق ہے۔ ہر ماہ قمری کی پہلی جمعرات وہاں زائرین کا جم غفیر ہوتا ہے۔

غوث بالا پیر اے سلطان من
از ولائے تو منور جان من
روز محشر عشق تو سامان من
در جہاں ہم یاد تو ایمان من

(مراتب اختر)

## سید جیون شاہ قدس اللہ سرہ

نصیر الملۃ والدین، سلطان الکاملین، برہان المتقین، آپ حضور بالا پیر سائیں کے صاجزادے تھے۔ اپنے والد گرامی القدر کی طرح عابد و زاہد اور عالم فاضل شخصیت تھے۔ شروع شروع میں طبیعت آزادانہ اور کھیل کود کی طرف زیادہ مائل تھی لکھنے پڑھنے کی طرف توجہ بہت کم تھی۔ ایک دن عام بچوں کے ساتھ مویشی چرانے جنگل کی طرف چلے گئے شام جب واپس آئے تو والد گرامی نے اظہار ناراضگی فرمایا حسب روایت رات حضور غوث پاک کی زیارت ہوئی جو فرما رہے تھے محمد غوث تو نے بچے کا دل دکھایا آئندہ اسے کچھ مت کہنا یہ خود بخود ٹھیک ہو جائے گا اور میرے بعد تیسرا قادر کہلائے گا۔ اس دن کے بعد آپ کی عادات و اطوار بدلتے چلے گئے اور مخلوق میں عبد القادر ثالث کے نام سے مشہور ہوئے۔ اپنے والد کے ہاتھ پر بیعت کی۔ انکی وفات کے بعد لاہور تشریف لائے۔ بے شمار مخلوق خدا نے آپ کی ذات با برکات سے فیض حاصل کیا۔ آپ کا وصال (۱۰۲۲ھ/1613ع) میں ہوا آپ کا

Marfat.com

مزار لاہور ہائی کوٹ کے بالکل قریب مقبرہ شاہ چراغ میں واقع ہے۔

## سید عبدالوہاب رحمۃ اللہ علیہ

لائق صد آداب ، گوہر نایاب ، آپ جناب سید عبد القادر الثالث کے صاحبزادے تھے۔ تعلیم ظاہری اور باطنی اپنے والد ماجد سے مکمل کی اور لاہور میں مسند خلافت قادریہ پر جلوہ گر ہوئے ۔ بے شمار لوگ آپ کے حلقہ عقیدت میں داخل ہوئے۔ علماء ومشائخ وقت آپ کا بے حد عزت واحترام کرتے تھے۔ آپ کا وصال (۱۰۳۷ھ/ 1627ع) نورالدین محمد سلیم جہانگیر کے دور میں ہوا آپ کا مزار اپنے والد کے ساتھ ہے۔

## سید زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ

برہان الصالحین، غیاث المسلمین ، راحت المریدین آپ سید عبدالوہابؒ کے بیٹے اور سید عبدالقادر ثالثؒ کے پوتے تھے۔ آپ لاہور میں پیدا ہوئے۔ اپنے والدؒ سے ہی خرقہ خلافت حاصل کیا۔ آپ کا اور حضرت میاں میر قادریؒ (متوفی ۷ ربیع الاول ۱۰۴۵ھ) کا زمانہ ایک ہے۔ اگرچہ تذکروں میں آپ کی ملاقات ثابت نہیں مگر یہ بھی ممکن نہیں کہ دو مقتدر ہستیاں جو ہم مشرب ہوں، ایک ہی جگہ رہتے ہوئے ایک دوسرے سے بے خبر رہیں۔ مغل شہزادگان بھی آپکا بے حد احترام کرتے تھے۔ آپ کا مزار شریف مقبرہ داتا شاہ چراغ متصل ہائی کورٹ لاہور میں واقع ہے۔

## سید عبدالرزاق رحمۃ اللہ علیہ

شیخ المشائخ ، امام الطریقت، سلطان الحقیقت ، کاشف غوامض معرفت ،

آپ سید عبدالوہاب کے صاجزادے اور سید زین العابدین کے چھوٹے بھائی تھے۔ جب آپ ابھی رحم مادر میں تھے تو آپ کے دادا سید عبدالقادر ثالث نے اپنے بیٹے عبدالوہاب سے فرمایا کہ اے عبدالوہاب عنقریب ہمارے گھر میں ایک چراغ روشن ہوگا جسکی ضو سے ہمارا پورا خاندان روشن ہوجائے گا۔ پس آپ کی ولادت کے بعد آپ عبدالرزاق داتا شاہ چراغ کے نام سے مشہور ہوئے۔ آپ نے کئی بار حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کی۔ شہنشاہ شاہ جہان آپ کا عقیدت مند تھا اسنے ریاست کپورتھلہ میں آپ کو ایک جاگیر بھی ہدیہ کے طور پر پیش کی تھی۔ آپ کا وصال (۲۲ ذیقعد ۱۰۶۸ھ/12 اگست 1657ع) میں ہوا۔ اور اپنے آبائی قبرستان لاہور میں ہی دفن ہوئے۔ اب وہ مقبرہ آپ کی نسبت (داتا شاہ چراغ لاہوری) مشہور ہے۔

## سید مصطفیٰ گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

عارف باللہ، سالک طریقت بیضا، واقف حقیقت و اسرار مصطفیٰ، آپ سید عبدالرزاق شاہ چراغ کے فرزندار جمند تھے۔ آپ مشائخ میں خوب جانے پہچانے جاتے تھے۔ آپ کی بیعت اپنے والد ماجد سے تھی اور انکی وفات کے بعد مسند خلافت پر جلوہ افروز ہوئے اور پندرہ برس تک سالکین حق کی پیاس بجھانے کے بعد (۱۳ شعبان المعظم ۱۰۸۴ھ/ 1673ع) اورنگ زیب عالمگیر کے عہد میں وفات پائی۔ آپ کا مولد ومنشا و مدفن لاہور ہے۔

## سید محمود گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

پاک طینت، نیک سیرت، باعث فلاح و بہبود، سید محمود آپ سید شاہ چراغ

Marfat.com

کے صاحبزادے اور سید مصطفیٰ کے چھوٹے بھائی تھے۔ ظاہری و باطنی فیض اپنے والد بزرگوار سے حاصل کرتے رہے انکی وفات کے بعد آپ نے اپنے بڑے بھائی سید مصطفیٰ کے ہاتھ پر تجدید بیعت کی اور انکی صحبت سے بہرہ ور ہوئے۔ ان دنوں ملکی حالات اچھے نہ تھے اور لاہور مغل شہزادوں کی باہمی چپقلش کے باعث فسادات کی لپیٹ میں تھا۔ آپ ان حالات میں لوگوں کو صبر و تحمل کی نصیحت فرمایا کرتے تھے۔ آپ کا وصال لاہور میں ہی ہوا اور مقبرہ شاہ چراغ میں مدفون ہیں۔

## سید مجتبیٰ گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

پیکر تسلیم و رضا، واقف حقیقت علیا، مجسم ھدیٰ، معین الوریٰ، آپ سید مصطفیٰ کے صاحبزادے ہیں دنیاوی تعلیم و تربیت کے بعد روحانیت کی طرف رجحان ہوا تو اپنے چچا سید محمود کی خدمت میں بیعت کی درخواست کی تو انہوں نے فرمایا یہ میرے پاس تمہاری امانت ہے اسے جلد وصول کرو۔ چنانچہ آپ نے انکے ہاتھ پر بیعت کی۔ آپ بڑے باکمال بزرگ تھے۔ پابند شریعت و طریقت تھے۔ آپ کے آستانہ پر لوگوں کا اکٹھ رہتا آپ انکی تدریس و تربیت میں ہمیشہ مشغول رہتے۔ آپ کی وفات ۱۷ صدی عیسوی کے شروع میں ہوئی مزار احاطہ شاہ چراغ میں ہے۔

## سید امام حیدر بخش رحمۃ اللہ علیہ

ناصر الخلائق و عارف الحقائق، قبلہ سالکان، بن سید اللہ بخش بن سید اسماعیل بن سید شاہ چراغ لاہوریؒ حضرت شاہ چراغ کی وفات کے بعد آپ کے بڑے صاحبزادے اسماعیل سلطان پور لودھی (بھارت) چلے گئے تھے۔ وہیں آپ کی اولاد ہوئی۔ امام حیدر بخش نے ظاہری تعلیم اپنے والد اور دوسرے بڑے بڑے علماء وقت

سے حاصل کی۔آپ اپنے والدین کی اکلوتی اولاد تھے۔اپنی روحانی پیاس بجھانے کیلئے سیاحت کرتے ہوئے لاہور تشریف لائے اور اپنے چچا سید مجتبیٰ ؒ کے دست اقدس پر بیعت کی۔کچھ وقت انکی خدمت میں رہے اور اصلاح قلب کے بعد واپس سلطان پور چلے گئے۔وہیں آپ کا وصال ہوا آپ کا مزار شریف بھی وہیں ہے۔

## سید حسن بخش رحمۃ اللہ علیہ

شیخ الطریقت، حجۃ السالکین، مخدوم المخادیم، ذوالمدح والتوصیف، صاحب الارشاد و التصنیف، بانی شیخو شریف، حضرت سید ابومحمد حسن بخش گیلانی القادری المعروف داتا حسنین سائیںؒ ۔آپ مادر زاد ولی تھے بچپن سے ظہور کرامات ہونے لگا۔آپ نے خرقہ خلافت اپنے والد ماجد سے حاصل کیا انکی وفات حسرت آیات کے بعد سیاحت کو نکلے پہلے لاہور حاضر ہوئے داتا شاہ چراغ کے مزار پر حاضری دینے کے بعد اپنے جد اعلیٰ سید محمد غوث بالا پیر کے حضور حاضری دی۔وہاں آپکو تھوڑی دور ایک جگہ جانے اور مستقل رہائش کا حکم ہوا۔یہی جگہ شیخو شریف کے نام سے موسوم ہے۔اسی جگہ آپ نے دوسری شادی سید غلام محمد غوث بن سید غلام مرتضیٰ گیلانی سنگھروی کی صاحبزادی سے کی۔آپ کے ہاتھ پر متعدد سکھوں اور غیر مسلموں نے اسلام قبول کیا۔آپ حنفی المسلک اور طریقت قادریہ کے کامل شیخ تھے۔آپ کے خلفاء میں دو ہستیوں کو شہرت دوام نصیب ہوئی، ایک آپ کے صاحبزادے سید عبدالقادرؒ اور دوسرے سید سخی سیدنؒ سائیںؒ جنہوں نے دیپالپور مسند ارشاد سنبھالی۔آپ کا وصال غالباً(۱۱۹۱ھ/1780ع) ہے۔آپ کا مزار بالا پیر سائیںؒ کے پائنتی کی جانب ہے۔

Marfat.com

## سید عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ

کامل الکاملین، اَعرفُ العارفین، مخدوم المخادیم، آپ داتا حسنین سائیںؒ کے بڑے فرزند تھے۔ آپ کی ولادت سلطان پور لودھی میں ہوئی۔ علوم ظاہری بیشتر اپنی والدہ ہی سے سیکھے۔ جب حسنین سائیںؒ آپ کو چھوڑ کر شیخو شریف آئے تو آپ کا دل بھی فراق میں اداس ہو گیا۔ اپنی والدہ کو ساتھ لیا اور تلاش کرتے ہوئے لاہور اور پھر شیخو شریف آ گئے۔ آپ بڑے پابند شریعت اور کامل طریقت تھے۔ آپ مزاجاً بڑے نفیس اور پاکیزہ اطوار تھے۔ خوبصورت اردو لہجہ میں گفتگو فرماتے۔ آپ کی بیعت اپنے والد بزرگوار سے تھی۔ آپ حنفی المسلک اور طریقت قادریہ کا مکمل نمونہ تھے۔ آپکا وصال شیخو شریف (ضلع اوکاڑہ) میں ہوا۔ آپ کے سن وصال کی تصدیق نہیں ہو سکی غالباً (1815ع) کے قریب تر ہے۔ مزار آپ کے والد کے پہلو میں اِحاطہ دربار بالا پیر سائیںؒ میں ہے۔

## سید سید محمد گیلانی الشیخوی رحمۃ اللہ علیہ

قدوۃ السالکین، حجۃ العاشقین، اِمام الواصلین شیخ الطریقت الشیخویہ، سید سید محمد سائیں، آپ داتا حسنین سائیںؒ کے چھوٹے صاحبزادے تھے۔ آپ کا نسب مادری داتا شاہ چراغ لاہوری سے اسطرح ملتا ہے۔ سیدۃ بی بی ہاجرہ بنت سید غلام محمد غوث بن سید مرتضیٰ گیلانی بن سید نصر اللہ بن سید عبدالرزاق شاہؒ چراغ، آپ کی ولادت باسعادت (عروج ماہ ذوالحجہ ۱۱۸۰ھ / 1769ع) میں ہوئی۔ آپ کی ولادت کی بشارت جناب حسنینؒ کو بالا پیر سائیںؒ نے اور آپ کی والدہ کو سید المرسلین ﷺ اور علی المرتضیٰؓ نے خواب میں دی۔ آپ مادرزاد ولی تھے آپ کا بچپن

Marfat.com

دوسرے بچوں سے مختلف تھا، اکثر جذب و مستی کی کیفیت طاری رہتی بچپن سے ہی کرامات کا ظہور ہونے لگا۔ آپ نے تربیت کے ابتدائی مراحل اپنے والد کے زیر سایہ طے کئے اور انکی وفات کے بعد اپنے بڑے بھائی سید عبدالقادر کے دست مبارک پر بیعت کر کے انکی صحبت سے فیض یاب ہوئے۔ سید عبدالقادرؒ آپ سے بہت محبت کرتے تھے۔ آپ کی تمام تر زندگی مجاہدات پر مبنی ہے۔ کئی بار حضور ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی اور تاحیات غوث الاعظمؓ کی زیارت اور راہنمائی سے مشرف رہے۔ آپ نے فرمایا کہ محبوب سبحانیؓ نے مجھے توکل، توبہ، ذکر و فکر، صدق و صفا، فنا و بقا، وجد و عرفان، خوف و رجاء، کے معنی تفصیلاً سمجھا کر فیض یاب کیا حتیٰ کہ میری صفات مٹ گئیں اور میں نے قرب حضوری کو پالیا۔ آپ سے اس قدر کرامات ظاہر ہوئیں کہ احاطہ تحریر سے باہر ہیں۔ آپ کا وصال (۱۲۶۰ھ/ 3 اپریل 1849ع) ہے۔ آپ کا مولد و منشا و مدفن شیخو شریف ہے۔ آپ پہلے بزرگ ہیں جنکا مزار شیخو شریف بنایا گیا۔

## سید عبدالرزّاق گیلانی القادری رحمۃ اللہ علیہ

معین الملۃ والدین، عارف العارفین مرشد سادات، صاحب فہم و ادراک، ہادی عبدالرزاق پاکؒ، آپ سید عبدالقادر کے صاحبزادے اور سید سید محمد سائیں کے بھتیجے تھے۔ آپ کی ولادت (۱۲۰۹ھ/ 1792ع) میں ہوئی۔ تربیت کے ابتدائی مراحل اپنے والد ماجد کے زیر سایہ طے کئے پھر اپنے چچا سید سید محمدؒ کے دست اقدس پر بیعت کر کے سلوک و معرفت کی باقی ماندہ منازل طے کیں۔ آپ صاحب کرامت ولی تھے۔ آپ کی زلفیں شانوں تک تھیں۔ اسی سبب سے لقب '' زلفاں

Marfat.com

والی سرکار'' پڑ گیا مزاج شریف اور زیادہ تر عادات اپنے چچا سے ملتی تھیں۔ (۶ صفر المظفر ۱۳۰۴/ 1887ع) میں ۹۵ سال کی عمر میں وصال ہوا۔ شیخوشریف آپ کا مولد ومنشا ومدفن بنا۔

## سید احمد گیلانی القادری رحمۃ اللہ علیہ

معین الفقراء، صاحب حلم وجود وسخاء، بے ریاء، مرشد وراہبر، ابواکبر سید احمد شاہ صوفی صابر، آپ سید مہر علیؒ بن سید سید محمد سائیںؒ کے صاحبزادے تھے۔ کمال صبر وتحمل اور عبادت وریاضت سے مخلوق میں صوفی صابر کے لقب سے مشہور ہوئے۔ آپ لکھنا پڑھنا معمولی جانتے تھے مگر آپ کے تقویٰ کا یہ عالم تھا کہ کئی علماء دین آپ کے مرید تھے۔ شرقپور میں آپکے مرید بکثرت تھے جب کبھی آپ تشریف لے جاتے تو پیر شیر محمدؒ شرقپوری آپ کی زیارت کیلئے خصوصاً حاضر ہوتے اور دیر تک آپکی صحبت سے بہرہ ور ہوتے۔ آپ قائم اللیل، صوم النہار اور کم گو تھے۔ بہت کم کھانا تناول فرماتے۔ پورے شیخوشریف سے آپ کی خدمت میں کھانے پیش کئے جاتے مگر آپ کبھی کبھار کوئی سالن چکھ لیتے اور باقی غرباء ومساکین میں تقسیم کر دیتے۔ ہر وقت آپ کے آستانہ پر ضرورت مندوں کا جمگھٹا رہتا۔ آپ کی بیعت اپنے نانا سید عبدالرزاقؒ سے تھی۔ آپ مسلکاً حنفی اور مشرباً قادری تھے۔ آپ کے حجرہ اعتکاف پر نصب کتبے آج بھی اسکا بین ثبوت ہیں۔ آپ کے صرف ایک صاحبزادے تھے۔ جو کمسنی میں فوت ہو گئے۔ آپ کی ولادت (۱۲۵۵/ 1834ع) ہوئی اور آپ کی تاریخ وفات (۱۱ رجب المرجب ۱۳۶۰ھ/ 1939ع) ہے۔ آپ کا مزار باحاطہ دربار سید محمد سائیںؒ میں ہے۔

Marfat.com

# سید محمد حسین گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

مخدوم الفقراء ، مجسم اخلاق نبویہ ، مزین اطوار غوثیہ آپ سید سئید علیؒ (متوفی ۱۱ جمادی اول ۱۳۴۹ھ/ 15 اکتوبر 1930ع) بن سید فضل علیؒ شاہ (متوفی ۱۳۰۹ھ) بن سید سید محمد سائیںؒ کے فرزند ار جمند تھے۔ آپ کے صوفیانہ عادات و خصائل پیدائشی تھے۔ ابتدائی کتب اپنے والد سے پڑھیں اور درس نظامی مولٰینا نظام الدین صاحبؒ سے پڑھا، پابند شریعت اور کامل ہستی تھے۔ فراخی رزق کے ساتھ ساتھ اللہ تعالی نے بے مثل سخاوت کی صفت سے مزین کیا تھا۔ قحط کے زمانوں میں رشتہ داروں، مریدوں اور دیگر غرباء و مساکین کی ضروریات کو پورا فرماتے۔ آپ کی بیعت صوفی احمد شاہ صابرؒ سے تھی۔ آپ اپنے ہمعصر معمر و مکرم مشائخ قادریہ کے نزدیک اپنی جوانی کے عالم سے ہی مستحسن حیثیت اور منفرد قدر و منزلت رکھتے تھے۔ خصوصاً محدث علی پور سید جماعت علی شاہؒ ، مخدوم صدر الدین گیلانیؒ (ملتان)، سید اصغر علی گیلانیؒ (بستی غلام قادر پاکپتن) اور سید قطب علی شاہ صاحب بخاریؒ (پیر محل) ۔ آپ نے سلسلہ چشتیہ اور نقشبند سے بھی روحانی فیض حاصل کیا۔ آپ کی ولادت (۱۳۱۵ھ) اور وفات (۲۱ ذیقعدہ ۱۳۷۸ھ/ 30 مئی 1959ع) میں شیخو شریف میں ہوئی۔ آپ کے خلفاء سادات میں قابل ذکر آپکے صاحبزادے سید مراتب غوثؒ ، سید افضال حسین زاد اللہ عمرہٗ ، آپکے بھتیجے سید مشتاق حسینؒ گیلانی الشیخوی (متوفی ۲۳ جمادی الثانی ۱۴۰۴ھ/ ۲۶ فروری ۱۹۸۴ع) اور دیگر سادات کرام سید عبد الستار الجعفری البخاریؒ (منڈی وار بٹن) سید قطب علی شاہ بخاریؒ (جھوک سیفل) اور میاں نیاز علیؒ ، میاں محمدؒ ، میاں فاضلؒ اور منشی علم الدینؒ

Marfat.com

قادری صاحب مشہور ہیں۔

نوٹ: سید سید علیؒ سائیں کی بیعت اپنے تایا سید سید محمودؒ (م ۲۷ رجب ۱۲۹۷ھ) کے ساتھ تھی۔

## سید مراتب علی رحمۃ اللہ علیہ

صاحب شرافت ونجابت، پیکر متانت، واقف رموز معرفت مرشدی سید مراتب علیؒ بن سید محمد حسین گیلانی القادریؒ آپ کی بیعت تبرک سید احمد شاہ صوفی صابرؒ سے تھی اور اپنے والد ماجد کی صحبت سے فیض حاصل کیا۔ جو کہ ایک متبحر عالم دین تھے۔ ابتدائی تعلیم کے بعد میٹرک ساہیوال سے کیا، اورینٹل کالج پنجاب یونیورسٹی سے ایم اے اردو کا امتحان پاس کیا۔ اساتذہ کی طرف سے مراتب اختر کا خطاب ملا۔ عربی، فارسی اور انگریزی میں بھی یکساں عبور حاصل تھا۔ لاہور میں مولانا عبدالمجید سالک اور مولانا صلاح الدین سے صحبت رہی ساہیوال میں سید منظور حسین مہجورؒ اور مجید امجد صاحبؒ سے گہری دوستی تھی۔ لاہور میں قیام کے دوران حضور غوث اعظم کی توجہ کے باعث یہ ماڈرن نوجوان، جدید غزل کا منفرد شاعر ''جنگل سے پرے سورج'' اور ''گنج گفتار'' کا خالق ہر چیز کو خیر آباد کہہ کر شیخو شریف چلا آیا اور مخلوق خدا میں مراتب غوث کے لقب سے مشہور ہوئے۔ باقی ساری زندگی سلسلہ قادریہ کی تبلیغ اور خدمت میں گذار دی۔ آپ کا ایک ہی بیٹا تھا جو کمسنی میں فوت ہو گیا۔ اور کوئی اولاد نہ تھی۔ آپ کی ولادت (۱۳۶۰ھ/1939ع) میں ہوئی اور وفات (۱۰ جمادی الثانی ۱۴۰۹ھ/ 25دسمبر 1988ع) کو ہوئی آپ کا مزار شیخو شریف میں ہے۔

نَوَّرَاللہ ضریحہٗ

# ملفوظات عالیہ پیران سلسلہ قادریہ

حضرت امام حسنؓ بصری سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا:

"مجھے نو چیزوں کی وصیت فرمائی گئی ہے۔ کہ میں خفیہ اور ظاہری طور پر اخلاص سے پیش آؤں، خوشی اور ناراضگی کی صورت میں عدل قائم کروں، مالداری اور فقیری کی حالت میں میانہ روی سے چلوں، اور اس شخص کو معاف کردوں جس نے مجھ پر ظلم کیا ہو، اور اس شخص کو عطا کروں جس نے مجھ کو محروم کیا ہو، اس سے تعلق جوڑوں جس نے قطع تعلق کیا ہو، میری خاموشی میں فقر ہو، میری باتوں میں ذکر ہو، اور میری نظر میں عبرت ہو۔

☆

Marfat.com

''سلام پھیلاؤ، رشتہ داروں سے صلہ رحمی کرو، اور ایک دوسرے کو ہدیہ دو تم آپس میں محبت کرنے لگ جاؤ گے''۔

☆

''بے شک اللہ تعالیٰ تمہارے لئے نماز میں کھیل کود اور بے دھیانی، روزے میں بری بات اور قبروں کے پاس ہنسنے کو منع فرماتے ہیں''۔

(البیان والتبیین)

☆☆☆

حضرت علیؑ نے فرمایا:

''جب تم پر نعمتوں کا آغاز ہو جائے، تو ناشکری کر کے انتہائی اور آخری نعمت کو نہ روکو''۔

☆

'' جب فرائض کو نقصان پہنچے تو نوافل سے رضائے خدا نہیں ملتی''۔

☆

''تنہائیوں میں گناہ کرنے سے ڈرو ، کہ جو حاکم ہے وہی گواہ بھی ہے''۔

☆☆☆

حضرت حسنؑ مجتبیٰ نے فرمایا:

'' تمہیں اپنے اندرونی اسرار کا مخفی رکھنا لازم ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ ضمیروں کے راز جاننے والا ہے''۔

☆

جب آپؑ سے حضرت حسن بصریؒ نے جبریہ اور قدریہ کے متعلق دریافت کیا تو آپؑ

Marfat.com

نے حسن بصریؒ سے فرمایا '' ہمارا دین جبر و قدر کے درمیان ہے''۔

☆

حضرت حسینؓ نے فرمایا :

'' تیرا شفیق ترین بھائی، تیرا دین ہے''۔

☆☆☆

حضرت حسن بصریؒ نے فرمایا:

'' مجھے ایسے لوگوں پر تعجب ہوتا ہے جن کو اپنا مآل کار معلوم نہیں اور ہنستے ہیں''۔

☆

مومن وہ ہے جو ہر حال میں یکساں ہو، ایسا نہیں کہ جب کوئی نہ ہو جو جی چاہے کرے اور جو زبان پر آئے بکے ''۔

☆

''حیرت و تعجب ہے آدمی پر کہ تکبر کرتا ہے، حالانکہ دن میں کئی بار اپنے ہاتھ سے پاخانہ دھوتا ہے''۔

☆☆☆

حضرت علی زین العابدینؓ نے فرمایا:

'' وہ شخص دارین میں نیک بخت ہوسکتا ہے، جو جب خوش ہو تو باطل پر نہ ہو ____ اور جب غضب ناک ہو تو اسکا غصہ اسے حق سے باہر نہ کردے''۔

☆☆☆

حضرت امام محمد باقرؒ نے فرمایا :

'' ہر وہ چیز جو تجھے مطالعہ حق سے باز رکھے وہی تیرا طاغوت ہے''۔

Marfat.com

☆

حضرت حبیب عجمیؒ نے فرمایا:

"رضا ایسے دل میں ہے جو نفاق کے غبار سے پاک ہو، چونکہ رضا دوستوں کی صفت ہے اور نفاق دشمنوں کی صفت ہے"۔

☆☆☆

حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا:

"جس نے اللہ کو جان لیا وہ ماسوی اللہ سے علیحدہ ہو گیا"۔

☆

"توبہ کے بغیر عبادت صحیح نہیں، حتی کہ خود اللہ تعالی نے عبادت پر توبہ کو مقدم کیا، اس لئے توبہ عبادت کی ابتداء ہے اور عبدیت کی انتہاء ہے"۔

☆☆☆

حضرت داؤد طائیؒ نے فرمایا:

"کہ جب میں اپنے کپڑے دھوتا ہوں تو خیال آتا ہے کہ اپنے دل کو بھی ایسے مل کر دھوؤں تاکہ آلائش دنیوی سے بالکل صاف ہو جائے"۔

☆

آپ روٹی پانی میں گھول کر پی لیتے اور فرماتے کہ اتنی دیر میں کہ نوالے بنا بنا کر چباؤں میں پچاس آیات کی قراءت کر سکتا ہوں"۔

☆☆☆

حضرت شیخ معروف کرخیؒ سے کسی نے پوچھا کیا کھاتے ہیں ؟۔

فرمایا: "مہمان ہوں جو کھلاتے ہیں کھاتا ہوں"۔

Marfat.com

☆

ایک روز فرما رہے تھے کہ ''اے نفس ! مجھ کو خلاصی دے کہ اس میں تیری بھی خلاصی ہے''۔

☆☆☆

حضرت سری سقطیؒ فرمایا کرتے تھے کہ ''دن میں چند بار آئینہ دیکھتا ہوں کہ کہیں شامت اعمال سے میرا چہرہ تو سیاہ نہیں ہو گیا''۔

☆

فرماتے تھے کہ ''چالیس سال سے میرا نفس شہد کی خواہش کر رہا ہے لیکن میں نے اس کو نہیں دیا''۔

☆

''فقیر صابر، غنی شاکر سے افضل ہے۔''

☆

''تصوف دل کو صاف کرنا ہے۔''

☆

''رضا یہ ہے کہ تو بلا کو نعمت شمار کرے''۔

☆

''صوفی وہ ہے جو اپنے ایک ہاتھ میں قرآن اور دوسرے ہاتھ میں سنت نبوی ﷺ لیوے''۔

☆☆☆

حضرت ابو بکر شبلیؒ نے ایک مجلس میں کہا اللہ ، اللہ ۔

Marfat.com

ایک درویش نے کہا ۔شبلی ! ''لا إلہ إلا اللہ کیوں نہیں کہتا''۔
فرمایا ۔ ''ڈرتا ہوں کہیں ایسا نہ ہو کہ لا إلہ کہوں اور مر جاؤں''۔
یہ ارشاد سن کر درویش کانپنے لگا۔

☆

فرمایا : '' مرید کا کام اس وقت مکمل ہوتا ہے جب اسکا حال سفر و حضر میں یکساں اور حاضر و غائب میں یک رنگ ہو''۔

☆☆☆

حضرت ابوالحسن ہنکاریؒ سے کسی نے کہا ۔
أأنت شيخ الإسلام کہ آپ شیخ الاسلام ہیں؟
فرمایا ''نہیں بلکہ أنا شيخ فی الإسلام ''میں اسلام میں بوڑھا (کمزور) ہوں''۔

☆☆☆

حضور السید عبدالقادر جیلانیؒ کی نصیحت اپنے صاحبزادے کو :

اوصيك بتقوى الله وطاعته ولزوم ظاهر الشرع وسلامة الصدور وسخا النفس وبشاشة الوجه وبذل الندى و كف الأذى وحمل الأذى والفقر وحفظ حرمات المشائخ وحسن العشرة مع الاخوان والنصيحة الأصاغر وترك الخصومة مع الأرفاق وملازمة الإيثار ومجانبة الأذخار۔

میں وصیت کرتا ہوں کہ اللہ کا تقوی اختیار کرو اور احکام شریعت کی پابندی لازم رکھو اور سینہ کو صاف رکھو اور نفس میں جوانمردی رکھو، کشادہ رُو رہو، سخاوت اختیار

Marfat.com

کرواور ایذا سے بچو، اور ایذا پر تحمل کرتے رہو اور آداب درویشی نگاہ میں رکھو، بزرگوں کی بزرگداشت کرتے رہو، بھائیوں سے اچھا برتاؤ کرو چھوٹوں کو نصیحت کرتے رہو، اپنے رفیقوں سے جنگ نہ کرو، ایثار کو اپنے پر لازم کرلو اور ذخیرہ مال سے اجتناب کرو۔

☆☆☆

حضرت سید صفیؒ الدین صوفی نے فرمایا۔

" ظاہر شریعت پر عمل کرو، کتاب اللہ اور سنت ﷺ سے تمسک رکھو، سلف صالحین کے طریقے پر چلو، اعتقاد اہل سنت جماعت رکھو، بلاؤں پر صبر اختیار کرو۔

☆☆☆

حضرت سید ابو العباسؒ نے فرمایا۔

" خدائے کریم وہاب پر توکل کرو، فقیروں کی مجالس اختیار کرو، دل میں حزن وملال رکھو اور چہرہ ہشاش بشاش رکھو۔

☆☆☆

سید مسعودؒ نے فرمایا۔

" اخوان طریقت کو تلاش کرو، مسکینوں پر رحم کرو جود وسخا کے وصف سے متصف ہو جاؤ، امور شریعت کی پابندی کرو، یہی راہ نجات ہے۔

☆☆☆

سید شمس الدین محمدؒ نے فرمایا۔

" جو طریق صوفیہ کا مخالف ہو اس کی صحبت سے بچو، جس کام سے دل میں تشویش پیدا ہوا سے ترک کردو، سماع کو اختیار نہ کرو اگرچہ لہو ولعب سے پاک ہی

Marfat.com

کیوں نہ ہو۔

☆☆☆

سیدنا عبدالقادر ثانیؒ فرمایا کرتے تھے:

"فجر کے وقت اٹھو اور سارے دن کی برکتیں سمیٹ لو۔"

☆☆☆

حضرت سید محمد غوث بالا پیر قدس اللہ سرہ نے فرمایا:

"جو عالم امراء سلاطین سے میل جول رکھے وہ عالم دین نہیں ہو سکتا"۔

☆☆☆

کسی نے عرض کیا کہ موت سے بڑا ڈر آتا ہے۔ فرمایا "موت برحق ہے، خدا سے ڈر اور سامان آخرت تیار کر موت کا ڈر جاتا رہیگا، جو خدا خوفی کرتا ہے اسکے دل سے ہر خوف نکل جاتا ہے۔

☆☆☆

حضرت سید عبدالرزاق شیخوئیؒ نے فرمایا:

کہ ہمیں ہمارے بزرگوں نے وصیت کی کہ پانچ آدمیوں کی صحبت سے باز رہنا۔ یعنی بخیل، کاذب، قاطع رحم، احمق اور فاسق۔

☆☆☆

سیدنا احمد شاہ صوفی صابرؒ اکثر فرمایا کرتے تھے:

"یا اللہ مجھے فاقہ کے ایسے ذائقے عطا فرما جو مجھے کھانے اور پینے کی لذتوں سے بے نیاز کر دیں"۔

☆☆☆

حضرت محمد حسین گیلانیؒ نے فرمایا:

''اس امر کو دل پر نقش کر لیا جائے کہ دل کے اطمینان کی دولت ذکر خدا کے بغیر نہیں مل سکتی''۔

☆

☆

''درود پاک کو اپنا معمول بناؤ اور روحانی نعمت سے مالا مال ہو جاؤ''۔

☆

''سادہ زندگی اختیار کرو، سادہ خوراک جسم کیلئے مفید، روح کیلئے اکسیر اعظم ہے، سادہ پوشاک درویشوں کی علامت ہے، فضول خرچی سے بچو''۔

☆

''پوری طرح جان لو کہ جو شخص اول عمر میں خواہشات پر قابو نہیں پا سکتا ، آخر عمر میں اسے کیا توفیق حاصل ہو گی؟''۔

☆☆☆

سید مراتب علیؒ گیلانی نے فرمایا:

''یہ خطرناک غلطیاں ہیں ان سے بچو گے تو فلاح پاؤ گے''۔

(۱) اس خیال میں رہنا کہ ہمیشہ جوان اور خوبصورت رہوں گا۔

(۲) اس نیت سے گناہ کرنا کہ دو چار مرتبہ کر کے چھوڑ دوں گا۔

(۳) اپنا راز کسی دوسرے کو بتا کر اسے پوشیدہ رکھنے کی درخواست کرنا۔

(۴) ہر شخص کے متعلق ظاہری صورت دیکھ کر رائے قائم کرنا۔

(۵) کسی کام کو ادھورا چھوڑ کر دوسرے وقت پر مکمل کرنے کی امید رکھنا۔

Marfat.com

(۶) اپنے ماں باپ کی خدمت نہ کرنا، اور اپنی اولاد سے اسکی توقع رکھنا۔

(۷) ہر ایک سے بدی کرنا اور آرام میں رہنے کی امید کرنا۔

(۸) اپنے آپ کو سب سے زیادہ عقلمند سمجھنا۔

(۹) لوگوں سے ہمدردی نہ کرنا اور ان سے ہمدردی کی توقع کرنا۔

☆

فرمایا کہ ''تصوف اندر کی شریعت کو کہتے ہیں''۔

☆

''خدا تعالیٰ کیلئے، اپنے رستوں میں ''آ گہی''، ''خدا آ گہی'' اور ''خود آ گہی'' کے اجالے بکھیرتے چلے جائیں''۔

فرمایا:

''جو مرید اپنے پیر کو حق سے الگ سمجھتا ہے، وہ مرید نہیں ہوسکتا''۔

پھر عارف رومی کا یہ شعر ارشاد فرمایا:

؎ ہر کہ پیر و ذات حق را یک نہ دید — نَے مرید و نَے مرید و نَے مرید

☆☆☆☆☆

تمّت بالخیر

Marfat.com

# عکس شجرہ طلبیہ

سید المرسلین محمد صلی اللہ علیہ وسلم

علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ

- حسن بصریؒ
  - حبیب عجمیؒ
    - داؤد طائیؒ
- حسنین کریمینؓ
  - امام زین العابدینؒ
    - امام محمد باقرؒ
      - امام جعفر الصادقؒ
        - امام موسیٰ کاظمؒ
          - امام علیؒ رضا

معروف کرخیؒ

Marfat.com

# کتابیات


| | |
|---|---|
| قرآن کریم فرقان حمید | |
| مسند امام اعظمؒ | امام نعمان بن ثابتؒ |
| مسند احمدؒ | امام احمد بن حنبلؒ |
| بخاری شریف | امام محمد بن اسماعیل بخاریؒ |
| مسلم شریف | امام مسلم بن حجاج نیشاپوریؒ |
| ترمذی شریف | امام محمد بن عیسیٰؒ ترمذی |
| ابوداود شریف | امام سلیمان بن اشعثؒ |
| الفتح ربانی | سیدنا غوث اعظمؒ |
| فتوح الغیب | غوث الاعظمؒ |
| کشف المحجوب | سیدنا علی ہجویریؒ |
| بہجۃ الاسرار | علامہ نور الدین شطنوفیؒ |
| قلائد الجواہر | محمد یحییٰ تادفیؒ |
| وفیات الاعیان | ابن خلکانؒ |
| طبقات الصوفیہ | ابوعبدالرحمٰن السلمیؒ |
| طبقات الحنابلہ | ابن ابی یعلیٰ |
| حلیۃ الاولیاء | الحافظ ابونعیم اصبہانیؒ |
| رسالہ قشیریہ | امام ابوالقاسم قشیریؒ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| اعلام | خیرالدین زرکلیؒ |
| مرۃالأولیاء | شیخ محمد شعیبؒ |
| تحفۃالقادریہ | شاہ ابوالمعالی قادریؒ |
| تذکرۃالاولیاء | خواجہ فرید الدین عطارؒ |
| شریف التاریخ | شریف احمد شرافتؒ |
| تذکرہ میر سید محمد غوث بالا پیر | سید افضال حسین گیلانی مدظلہ |
| حیات سید سید محمد سائیں | ایضاً |
| مشائخ قادرریہ | محمد دین کلیم قادریؒ |
| فضائل درود سلام | مولانا نذیر نقشبندی مدظلہ |

Marfat.com

# فرمان غوث اعظم

ینبغی للمؤمن ان یشتغل اولاً بالفرائض فاذا فرغ منها اشتغل بالسنن ثم یشتغل بالنوافل۔

مومن کو چاہیے کہ پہلے فرائض میں مشغول ہو، جب ان سے فارغ ہو تو سنتوں کا اہتمام کرے پھر نوافل کو اختیار کرے۔

Marfat.com

Marfat.com

## تعلیماتِ سلسلہ قادریہ

## کا

## تبلیغی و اشاعتی ادارہ

# صوتِ ہادی

## شیخو شریف تحصیل و ضلع اوکاڑہ

297.682
س 95 ت
*64690-U-67*

ظفر بشیر پرنٹرز ساہیوال (0666

Marfat.com

# شجرۃ الاشراف

ادارہ صوت ہادی
شیخو شریف

Marfat.com